صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سنیچر مورخہ 22 جون 2013ء بمطابق 12 شعبان 1434 ہجری صبح دس بجکر پچاس منٹ پر منعقدہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، امتیاز شاہد مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

يَـٰدَاوُۥدُ إِنَّا جَعَلۡنَـٰكَ خَلِيفَةً فِى ٱلۡأَرۡضِ فَٱحۡكُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ بِٱلۡحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ ٱلۡهَوَىٰ فَيُضِلَّكَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَضِلُّونَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيدُۢ بِمَا نَسُواْ يَوۡمَ ٱلۡحِسَابِO وَمَا خَلَقۡنَا ٱلسَّمَآءَ وَٱلۡأَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا بَـٰطِلاً ۚ ذَٰلِكَ ظَنُّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ ۚ فَوَيۡلٌ لِّلَّذِينَ كَفَرُواْ مِنَ ٱلنَّارِO أَمۡ نَجۡعَلُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ كَٱلۡمُفۡسِدِينَ فِى ٱلۡأَرۡضِ أَمۡ نَجۡعَلُ ٱلۡمُتَّقِينَ كَٱلۡفُجَّارِO كِتَـٰبٌ أَنزَلۡنَـٰهُ إِلَيۡكَ مُبَـٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوٓاْ ءَايَـٰتِهِۦ وَلِيَتَذَكَّرَ أُوْلُواْ ٱلۡأَلۡبَـٰبِ۔

(ترجمہ): اے داؤد! ہم نے تجھے زمین میں بادشاہ بنایا ہے پس تم لوگوں میں انصاف سے فیصلہ کیا کرو اور نفس کی خواہش کی پیروی نہ کرو کہ وہ تمہیں اللہ کی راہ سے ہٹادے گی بے شک جو اللہ کی راہ سے گمراہ ہوتے ہیں ان کیلئے سخت عذاب ہے اسلئے کہ وہ حساب کے دن کو بھول گئے۔ اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان کے بیچ میں ہے بیکار تو پیدا نہیں کیا یہ تو ان کا خیال ہے جو کافر ہیں پھر کافروں کیلئے ہلاکت ہے جو آگ ہے۔ کیا ہم کر دیں گے ان کو جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کی طرح جو زمین میں فساد کرتے ہیں یا ہم پرہیز گاروں کو بدکاروں کی طرح کر دیں گے۔ ایک کتاب ہے جو ہم نے آپ کی طرف نازل کی بڑی برکت والی تاکہ وہ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ عقل مند نصیحت حاصل کریں۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: معزز اراکین کی طرف سے رخصت کی درخواستیں: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں: جناب افتخار خان مشوانی صاحب، ایم پی اے آج 06 - 22 کیلئے ان کی درخواست ہے؛ جناب گل صاحب خان خٹک، ایم پی اے 2013 - 6 - 22 کیلئے درخواست ہے؛ جناب شکیل احمد، ایم پی اے صاحب اور محترمہ نسیم حیات صاحبہ، ایم پی اے، انہوں نے بھی آج کیلئے رخصت کی درخواست دی ہے۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

سالانہ بجٹ برائے مالی سال 14 - 2013 پر عام بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی صاحبہ سے گزارش ہے کہ وہ بحث کا آغاز کریں۔

محترمہ انیسہ زیب طاہرخیلی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، گزشتہ دو دنوں میں ہم نے تقریباً سولہ سترہ اپنے معزز اراکین کی اس بجٹ پر ان کی جو ارشادات اور ان کی جو سوچ تھی، وہ ہم نے بغور سنی اور میرا ذاتی خیال ہے کہ ان میں سے کافی مثبت اور بجا تنقید بھی رہی گو کہ اپوزیشن کی طرف سے یہ نکات آئے لیکن میں صرف اس حد تک جاؤں گی، میں کوشش کرونگی کہ اپنا جو مخصوص وقت ہے، اس کے اندر ہی اپنی اس تقریر کو مکمل کروں چیدہ چیدہ نکات پر۔ یہ بات سب کو میرا خیال ہے سر اہنا ضروری ہے کہ ان حالات، اس ماحول میں اور گزشتہ پانچ سالہ دور کے بعد 11 مئی کو ہونے والا الیکشن اور اس کے بعد جو قلیل وقت ہے، اس میں میں سمجھتی ہوں کہ اس حکومت نے کافی بہترین پرفارمنس دی ہے یہ بجٹ دیکر، کیونکہ یہ ایک بہتر اور متوازن بجٹ ہے۔ متوازن اس طریقے سے کہ آمدنی اور اخراجات کا جو تخمینہ ہے، وہ تقریباً برابر ہے اور ظاہر ہے کہ اس میں اب آنے والے وقت میں ہی اس بات کا اندازہ ہو سکے گا، جیسا کہ کچھ معزز اراکین نے

اس پر اپنے خیالات کا اظہار کیا کہ بہت سے تخمینوں کے اوپر یہ Based ہے، جو Projections دی گئی ہیں، کیا اسی طرح ہی وہ وصول ہوتے ہیں وہ محصولات جو حکومت نے Anticipate کئے ہیں؟ میرا خیال ہے کہ مثبت سوچ رکھنی چاہیئے، مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ یہ محصولات اس سے بہتر ہونگیں، جتنا اس وقت ان کو بیان کیا گیا ہے اس سے بھی بہتر ہونگے کیونکہ Good management اور Good governance کا تب ہی پتہ لگے گا جب اس بجٹ کے اوپر ان شاء اللہ تعالیٰ من و عن عمل ہوگا۔ لہٰذا اس بات سے کہ اس بجٹ نے عوام کو کچھ نہیں دیا، یہ Realization بہت ضروری ہے کہ ابھی آپ لوگوں نے چند ہفتے پہلے حلف لیا، گورنمنٹ بنی سوچھ بوجھ کیساتھ اور پھر اس کے بعد یہ بجٹ ساتھ ساتھ تیار کیا، میں فنانس منسٹر کو مبارکباد پیش کرنا چاہونگی کہ انہوں نے ایسے حالات میں اس بجٹ پر کافی سوچ بچار کی اور اس کے بعد اپنا Input دیکر اس کو ایک Non taxable اور ایک متوازن بجٹ کے طور پر، جس میں اب جو اخراجات ہیں، اس میں ویلفیئر کا Aspect بھی ہے، اس میں ڈیویلپمنٹ کیلئے بھی خطیر رقوم رکھی گئیں، اے ڈی پی کیلئے اور ساتھ ہی ایڈمنسٹریٹیو بجٹ کو بھی خاطر خواہ Rationalize کرکے پیش کیا گیا، تو میرا تو ذاتی خیال ہے اور آنے والا وقت ان شاء اللہ اس بات کو ثابت کریگا کہ اب اس بجٹ پر عمل ہو۔ بنیادی بات جناب سپیکر، یہ ہے کہ ہمیں اس بات سے قطعاً انکار نہیں ہے کہ ماضی میں، جتنی سیاسی قوتیں ہیں، ان کی ایک Unanimous، متفقہ سوچ کے تحت بہت سے کارنامے انجام ہوئے اور وہ میں سمجھتی ہوں کہ کسی ایک پارٹی کو صرف اپنی ذات پر کریڈٹ لینے کا حق نہیں، اس میں تمام پولیٹیکل پارٹیز، پولیٹیکل فورسز نے وہ Consensus جو ہے، وہ Achieve کیا اور اسی میں ایک این ایف سی ایوارڈ بھی اور اسی میں آپ کے صوبوں کے محصولات کا اضافہ بھی، لیکن بنیادی بات یہ ہے کہ اس اضافے کے باوجود اگر منیجمنٹ، اگر گورننس میں خلوص نیت نہ نظر آئے، اگر وہ پیسہ 'گراس روٹ' تک، عوام تک نہ پہنچ پائے تو اس میں بجٹ کے جو فگرز ہیں، ان کا قصور نہیں ہے بلکہ اس میں ان ہاتھوں اور ان سوچوں کا تعلق ہے جو اس کے اوپر عملدرآمد کرنے کیلئے موجود ہوتی ہیں۔ میں سمجھتی ہوں کہ جس طریقے سے موجودہ مخلوط حکومت وجود میں آئی ہے، جن پروگرامز کے تحت آئی ہے، مجھے پورا یقین ہے ان شاء اللہ تعالیٰ کہ یہ انتہائی خلوص نیت سے اس بجٹ کے اندر دی گئی رقوم پر عمل پیرا ہوگی۔ عوام کی جڑوں تک اس کے اثرات و ثمرات

پہنچانے کیلئے ان شاء اللہ شبانہ روز محنت کرکے اس بجٹ کو واقعی ہی عوام دوست بجٹ بنایا جائے گا اور پھر میں اپنے حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والے چند، جو جذبات کی رو میں سخت باتیں بھی کہہ گئے، ان ممبران کو بتاؤنگی کہ واقعی یہ عوامی بجٹ ہے یا نہیں ہے؟ جناب سپیکر، مایوسی اس بات کی ہے کہ ہمیں اب تک یہ تاثر تھا کہ گزشتہ دور میں اس بات پر جو بہت کریڈٹ لیا جاتا تھا کہ ہم نے جو نیٹ ہائیڈل پرافٹ ہے، اس کے اوپر سے Capping ہٹا دی ہے، اب ان شاء اللہ تعالیٰ یہ Caps نہیں رہے۔ افسوس، مایوسی یہ ہوئی ہے اس بجٹ کو دیکھ کر کہ وہ آج بھی Capped ہے، وہی چھ بلین ہیں اور اس میں سے بھی یہ دیکھنا ہوگا، Ensure کرنا ہوگا کہ کیا اب وہ رقم صوبے کو موصول ہو رہی ہے باقاعدہ اور کیا وجہ ہے کہ یہ Capping نہیں ہٹ سکی؟ میرا خیال ہے کہ اس کیلئے صوبے کو ایک بہترین کیس Put up کرنا ہوگا، وفاقی حکومت کو اپنا کیس Plead کرنا ہوگا کہ ایک ماہر ٹیم جا کر اس پر Argument کرے اور ان مسائل سے نبرد آزما ہوں جس کیلئے اس وقت موجودہ حکومت نے یہ عہد کر لیا ہے اور ان شاء اللہ تعالیٰ یہ مجھے یقین ہے کہ جو صوبے کا حق ہے، اس کو صحیح طریقے سے حاصل کیا جائے گا اور اس Capping کو ختم کرکے جو Actual profit ہے، اس کو حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ یہ اتفاق ہے کہ اٹھارہویں ترمیم جس وقت ہوئی تو اس سے پہلے این ایف سی کا ایوارڈ ہو چکا تھا، اگلے سال ان شاء اللہ تعالیٰ پھر این ایف سی ایوارڈ کا سال ہے، اس وقت اگر ہم چاہتے بھی یا صوبہ چاہتا بھی، یہ لوگ اس چیز کو نہیں دیکھ پائے کہ این ایف سی ایوارڈ کیلئے، اس وقت فنانس میں اور صوبے کی جو ٹیم تھی، انہیں اس بات کو پوائنٹ آؤٹ کرنا چاہیئے تھا کہ اٹھارہویں ترمیم کے تحت جو حسابات یا ثمرات اس صوبے کو ملنے تھے، ظاہر ہے وہ این ایف سی ایوارڈ سے ہٹ کر نہیں ہو سکتے تھے تو اس کیلئے تگ و دو کرنا چاہیئے تھی جو کہ نہیں کی گئی اور مجھے یقین ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ موجودہ حکومت اس کیلئے ابھی سے تیاری کریگی تاکہ ہم این ایف سی ایوارڈ میں اپنے صوبے کے حقوق کا مکمل دفاع کریں اور ہمارے جو Maximum محصولات ہیں، ان کو حاصل کر سکیں۔ جناب سپیکر، جو مشکل چیز ہے کہ صوبہ آج بھی قرضوں کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے حالانکہ اتنی خطیر رقوم حاصل کرنے کے بعد یہ ہونا نہیں چاہیئے تھا لیکن Cash Development Loan اور جو Bank borrowings ہیں، اس میں آج

بھی تقریباً میرے اندازے کے مطابق کوئی 160، 170 بلین صوبے کے اوپر قرض موجود ہے۔ اس کی ادائیگی کیلئے گو کہ پیسے رکھے گئے ہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ اس کیلئے یہ ایک بہت بڑی مشکل، ایک تکلیف دہ چیز ہے اور اس صوبے کو جلد از جلد اس طرح کے قرضوں سے نجات دلانا ہم سب کا فرض ہے۔ 'سیکٹوریل' ایلوکیشن پہ میں جب یہاں کہونگی کہ اس کیلئے کافی اطمینان بخش طریقے سے حکومت نے تمام سیکٹرز کیلئے تقریباً اضافہ کیا ہے، گزشتہ Revised budget سے بھی Even وہ اضافہ ہوا ہے جوکہ ایک مثبت اقدام ہے اور اس کیلئے ہمیں سراہنا چاہیئے، صرف اس کو ہمیں تنقید کا نشانہ نہیں بنانا چاہیئے۔ عموماً اب راز جناب سپیکر، Implementation میں ہے، موجودہ حکومت Believe کرتی ہے کہ Good governance اور Good management کے ذریعے اس بجٹ کے جو تمام پروگرامز ہیں، اس کے مطابق عمل کریگی۔ ایک سوال اٹھایا گیا کہ خواتین منسٹر کوئی نہیں ہے تو میں بالکل اس کی سپورٹ کرونگی کہ حکومت کو چاہیئے تھا کہ ایک Full fledged خاتون منسٹر موجود ہوتیں (تالیاں) اور وہ کیبنٹ کا حصہ ہوتیں۔ General mainstreaming پہ ہم Believe کرتے ہیں لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اگر 15 وزیر ہیں تو ان میں سے ایک خاتون، ایک Symbolic figure ہے، وہ جو خواتین کی آبادی ہے، اس کیساتھ Proportional نہیں ہے لیکن پھر بھی وہ Symbolic ٹھیک ہے ایڈوائزر ہیں، Full fledge وزیر کا ان کے پاس اختیار ہے لیکن اگر یہی منسٹر کے عہدے پر تعینات ہوتیں تو کیبنٹ میں ہم سمجھتے ہیں کہ عورتوں کی ایک نمائندگی ہوتی لیکن چونکہ ہم اس بات پر بھی Believe کرتے ہیں کہ General mainstreaming ہونی چاہیئے اور صرف اس بنیاد پر ہمیں وہ نہیں ہے لیکن امید ہے کہ اس سلسلے میں چیف منسٹر صاحب غور کرینگے اور ضرور کابینہ میں خاتون وزیر کو Induct کرکے خواتین کا یہ تاثر زائل کرینگے کہ شاید موجودہ حکومت اس بات پر Care نہیں کرتی۔ جناب سپیکر، نکات تو اگر آپ دیکھیں تو بہت زیادہ ہیں، ہم نے اپنا جو Energy crisis ہے، اس کو Meet کرنا ہے، ہمارے پاس خدا کے فضل سے قدرتی جو Sources ہیں، اس کا ایک بہت بڑا اللہ کی طرف سے انمول تحفہ ملا ہوا ہے۔ اس میں پانی ہے،

Minerals ہیں، دھوپ ہے، ہوا ہے، ہر طرح کے جنگلات ہیں، میدان ہیں تو ہم نے یہ کوشش کرنی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ کہ زیادہ سے زیادہ زمین ذرخیز کی جائے، زیادہ سے زیادہ جنگلات میں اضافہ کیا جائے، جو خیبر پختونخوا کے پانی کا اپنا حصہ ہے، ہم انفراسٹرکچر بنا کے اپنے پانی کو استعمال کریں، وفاقی حکومت سے اپنے پانی کا جو Water charges ہیں، وہ Receive کریں۔ امن و امان کیلئے پولیس کو بہترین Equipments فراہم کریں، یہ وہی نکات ہیں جس پر ہم پچھلی گورنمنٹ کو ہمیشہ Criticize کرتے تھے کہ اگر آپ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں، آپ سمجھتے ہیں کہ آپ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح کھڑے ہیں تو پھر یہ چاہیئے کہ آپ اس کی مکمل تیاری کریں۔ آپ کی جو پولیس اور جو پیر املٹری فورسز ہیں، ان کو آپ Properly equipped کریں، ان کی ٹریننگ کا بندوبست کریں۔ تو مجھے یقین ہے کہ ان شاءاللہ تعالیٰ یہ موجودہ مخلوط حکومت اس پر مکمل توجہ دے گی اور مجھے جو نظر آرہا ہے کہ آنے والے وقت میں تمام اقدامات جوکہ وفاقی حکومت کیساتھ مل کر اٹھائے جائینگے، اس سے ہماری سیکورٹی اور دہشت گردی کا جو مسئلہ ہے، اس کیساتھ نبرد آزما ہوسکیں گے اور اس کا اثر جو ہے، وہ صوبے کی Growth اور یہاں کی خوشحالی کے اوپر براہ راست ہوگا۔ میں جناب سپیکر، آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے آج موقع دیا، میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتی کیونکہ میری استدعا ہے، اسی تقریر میں اپنے تمام ممبران سے کہ اپنے چیدہ چیدہ نکات ضرور پیش کریں لیکن بہت سے ایسے مواقع آئینگے جہاں پر ہمارا اپنا جو نقطہ نظر ہے، عوام کے جو فائدے کی باتیں ہیں، ان کو سامنے لاسکتے ہیں۔ موجودہ حالات میں یہ بجٹ ایک بہترین بجٹ ہے اور ان شاء اللہ اس پر عمل کرنے سے جب ہم Next بجٹ میں آئینگے تو وہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ وہ اس مخلوط حکومت کا بھرپور بجٹ ہوگا جوکہ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک مثالی بجٹ ہوگا۔ بہت بہت شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جناب زرین گل صاحب، زرین گل صاحب۔

<u>جناب زرین گل</u>: ډیره مهربانی۔ محترم سپیکر صاحب، د 14-2013 دا بجټ چې کوم په دې هاؤس کښې Table شوے دے، په دې د بحث موقع را کولو ستا سو ډیره مننه۔ محترم سپیکر صاحب، کله نه چې دا بجټ پیش شوے دے، اپوزیشن لګیا دے

او د اپوزیشن زه یو غړے یم خو مونږ دا فیصله کړې ده چې مونږ به تنقید برائے تنقید نه کوؤ، مونږه تنقید برائے تعمیر کوؤ او د ښې خبرې ستاینه به کوؤ، مثبت خبرو ته به ښه وایو او غلط ته به غلط وایو خو زه حیران دا یم چې دا اپوزیشن لګیا دے او دا بمباری کوی خو ما ته خو دا ټول بیچارګان په دې ښکاریږی، ما ته خو دا نه ښکاریږی چې دا 14-2013 بجټ چې دے، چې دا دوئ جوړ کړے دے۔ محترم سپیکر صاحب، په 11 مئی باندې الیکشن شوے دے، پکار ده چې دا الیکشن که په مارچ کښې شوے وے نو بیا امکانات وو چې د دوئ پکښې څه لاس وو، د 11 مئی نه واخلئ بیا دوئ په حکومت سازئ کښې وو او بیا د دوئ په دې Portfolios باندې مسئلې وې، یوه حاضری به ئے په منصوره کښې ورکوله او بله به ئے په شادمان ټاؤن کښې۔ اوس زما په نظر کښې خو دا بجټ چې کوم دے، دا په درې حصو باندې تقسیم دے۔ د دې بجټ دا یوه حصه چې ده، 33 percent خو دا د سیکشن افسرانو نه واخلئ د ډپټی سیکرټریانو پورې، د پی اینډ ډی ډیپارټمنټ او د فنانس، او بیا چې کوم دے 33 percent د هغې نه بره د 20 ګریډ نه د 21 پورې د هغوی څه سفارشات او بیا 33 percent ما ته ښکاریږی چې دا نګران ’سیټ اپ‘ چې کوم دے، د دوئ پکښې کردار دے، دا 99 perc ent چې دے، په دیکښې صرف One percent زما خیال دے چې د دې ټریژری بنچز کردار دے او هغه هم د وزیر خزانه صاحب چې هغه په دیکښې چې کوم دے، د ده Figures of speech ډیر ښه وو او ورسره دا ’ان شاء الله‘ لفظ چې کوم دے، دا ایډیشنل دے چې کوم د خپل اووئیلو۔ (تالیاں)

محترم سپیکر صاحب، دې بجټ کښې چې کومې پیسې کیښودې شوې دی، زه د سن 85ء نه واخله د سن 99ء پورې د دې هاؤس ایم پی اے پاتې شوے یم، په هر کال کښې مونږه په دې بجټ باندې تقریرونه کړی دی او هر ځل له مونږه د تبدیلئ امید راوړلو لیکن د 85ء نه واخله تر اوسه پورې مونږه څه تبدیلی ونه لیده۔ جناب سپیکر صاحب، زه خو وایم چې دا څه پیسې کومې کیښودلې شوې دی، دا هم نه وې پکار۔ چې دلته څه محکمې دی، هره محکمه چې د کومې خبرې د پاره جوړه ده، هغه محکمه د هغې خبرې استحصال کوی۔ مثلاً د صحت محکمه به راواخلو، که د دې پیسې ایښودې شوې دی، د هسپتالونو حالت تاسو وینئ، په هزاره ډویژن کښې

ایوب میډیکل کمپلیکس یو غټ هسپتال دے، چې لاړ شئ نو زړه به مو خوږ شي۔ ډاکټران پرائیویټ پریکټسې کوی، هسپتالونه ډسپنسرانو ته حواله دی، هغه میډیکل ټیکنشنز ته حواله دی، هغه نرسانو ته حواله دی، دا دو نمبر دوایانې، Expired ویکسنینونه، که ډرګ انسپکټرانو له تنخواه ګانې ورکړې کیږی نو هغه لګیا دی د دو نمبر دوایانو فروخت کوی۔ که فوډ انسپکټران دی نو هغه لګیا دی، چې په کوم ځائے کښې زیات ملاوټ وی نو هغوی ته بهته ملاویږی، هغه هغې ته فروغ ورکوی۔ د غه شان د تعلیم محکمه، د تعلیم محکمه چې کوم د ه سکولونه جوړ دی، استادان پکښې دی، چرته ټاټ نشته، چرته چاک نشته، چرته بلیک بورډ نشته، چرته استاذان نشته، چرته ئے چهتونه نشته او عجیبه خبره دا ده چې څنګه وجیهه الزمان خان پرون اووئیل چې یره څه بیوروکریټس دی، د هغوی ځامن ټول په پرائیویټ سکولونو کښې سبق وائی او عجیبه خبره دا ده چې پخپله دا محکمه لګیا ده د تعلیم استحصال کوی، د ایبټ آباد بورډ پنځوس د ټاپ هلکان، په هغې کښې یو صرف د سرکاری سکول هلک وو، نور 49 هلکان هغه د پرائیویټ سکولونو نه راغلی دی۔ تعلیمی حالت زمونږه، زه تاسو ته جی یو لطیفه وایم، په سن 1985 کښې زه، شهزاده ګستاسپ او یوسف ترند مونږه روان وو نو د یوسف ترند ډیر خواهش وو چې دې ارباب جهانګیر ته اووایو چې ما د د ایجوکیشن منسټر کړی، نو مونږ ورته اووئیل چې ته خو سوک ان پړه ئې او ته منسټری غواړې؟ وائی چې مونږ Lobying وکړو، نو ګستاسپ وئیل چې راځه د ده نه امتحان اخلو، نو هلته یو بورډ لګیدلے وو په لاره کښې نو هزاره ورلډ ټریولز څه ایجنسی وه، څه د غه وه، نو مونږ ورته وئیل چې ته دا اووایه، مونږ دې ارباب صاحب ته وایو تا به وزیر کړی، نو هغه اووئیل چې وئیلې شم کنه، هغه وئیل "هزاره ورلډ ټر۔یولز" نو بل ئے ورته هغه Knowledge ولیکلو، وئیل ئے ورته چې ته دا پړهاؤ کړه، هغه ورته وئیل چې دا "کنال ډیګی" دے نو بیا خو د آفتاب شیرپاؤ مشکوریم چې وروستو ئے بیا وزیر تعلیم کړو، د هغه به هم څه مجبوری وه، بهرحال تعلیمی حالت زمونږ چرته سم نه شو۔ محترم سپیکر صاحب، د غسې زمونږ د زراعت، په زراعت کښې چې ګورو نو تخمونه چې دی، زمونږ هلته د USAID یو پراجیکټ 58 ملین ډالر باندې د غه کړے وو، یره جی د سن 87ء نه واخلئ تر اوسه پورې د هغې څه نتیجې راونه وتې، هغه غنم او جوار چې کوم پیدا

کېږی، د هغې نه د لسو منو نه یوولس منه نه شوا و هیڅ شے ترې هم جوړ نه شوا و هغه پیسې لګې، چرته مردا رچرګان را ولی او هلته د غه کړی چې دا نوے شے دے، چرته سنډا ګان ئے راوستئ وو، هغه میخې ئے ووژلې او خلق د میخو نه خلاص شو او سنډا ګان ئے د غه کړل او چې ګورو هر شے تباه و برباد دے، نو زه حیران دا یم چې دې له د پیسو کیښنود و ضرورت څه دے؟ دا سې راځی، پبلک هیلتھ انجینئرنګ، پبلک هیلتھ د عوام د صحت، چې کله د پبلک هیلتھ سکیمونه شروع شوی دی نو هیپا ټا ئټس زیات شو، عجیبه خبره دا ده چې نوم خو ئے بیا پبلک هیلتھ ولې ایږدئ؟ جناب سپیکر صاحب، اصلی خبره دا ده چې نظام درست کول دی، نظام، نظام چې نه درست کوی نو د غلبیل او به دی، د یو کروړ په ځائے لس کروړه ورله کیږده نو په غلبیل کښې د غه کوه، اخری سر له چې ځې نو څه شے به پکښې پاتې نه وی۔ Good governance پکار دے Good governance، چې تر څو پورې په دې ملک کښې Good governance نه وی، مشکله ده چې مونږه ترقی وکړو۔ جناب سپیکر صاحب، هر قوم د هرې صدئ نه فائده اخلی، په هره صدئ کښې خاص خصوصیات وی، اتلسمه صدی چې وه، هغه د ریښمو صدی وه، د مغرب اقوام به را تلل دا Silk route چې دے، د هغې نه ئے فائده اخسته۔ بیا نو رلسمه چې وه، هغه د مالګې صدی وه او انګریز راغے او په هندوستان ئے چې قبضه وکړه، کرک ته راا ورسیدو او په کرک کښې ئے چې دا پیکټې جوړې دی، دا د مالګې د پاره جوړې دی، اوس ئے سړے تصور نه شی کولې چې دا مالګه دومره د اهمیت حامل وه۔ انسپکټر چې کوم دے په پولیس کښې، انسپکټر به لوکل سړے بهرتی کیدو هندوستانے، انګریز به نه وو لیکن د مالګې انسپکټر چې وو، هغه به انګریز وو، دا مالګه دومره د اهمیت وړ وه او د تور غر 1868ء کښې وړومبنے جنګ چې دے د انګریز سره زمونږه د مالګې په سر شوے دے۔ انګریز وئیل چې تاسو په اباسین د مالګې سمګلنګ کوئ، په مالګه ئے قبضه وکړه۔ بیا بله صدی چې راغله شلمه، هغه د تیلو صدی وه، د تیلو د صدئ د پاره دوه عظیم جنګونه شوی دی، د تیلو د صدئ د پاره اسرائیل ئے Plant کړے دے په مشرق وسطیٰ کښې، د دې تیلو د پاره ئے چې کوم دے Ottoman Empire ختم کړے دے، د دې تیلو د پاره ئے Lawrence of

Arabia پیدا کړو او اخر راغلل او کوم عربیان چې چا اوښان څرول، چا ګډې څرولې، هغوی ترې نه وو خبر لیکن هوښیار قومونه ترې خبر وو چې د دې زمکې د لاندې یو زبردست Deposit پروت دے او د دې صدئ د ترقئ د پاره هغه تیل ئے رااویستل۔ جناب سپیکر صاحب، دا اوسنئ یویشتمه صدی چې ده، دا د اوبو صدی ده او دا یقین وګنئ چې دا جنګونه به د اوبو په سر کیږی۔ خدائے پاک مونږ له زبردست انوائرونمنټ راکړے دے، خالص دې صوبې له۔ مونږه د کوه همالیه، کوه قراقرم، کوه هندوکش په لمنه کښې پراته یو، د د نیا عظیم ګلیشیئرز چې دی، هغه زمونږه په غرونو باندې پراته دی او زمونږه د دې غرونو ښائست ته وګوره چې په سرئے واورې وریږی او په ویخ ګلونه او د دې دا خټه چې چوریا کړې نو په دیکښې معدنیات پراته دی۔ جناب سپیکر صاحب، چې څنګه وزیر خزانه صاحب اووئیل چې د اجرګه ده، مونږ له پکار دا ده چې د یویشتمې صدئ تقاضې پوره کړو، مونږ له پکار ده چې خالی په اوبو، خالی په اوبو، که انقلاب راولو په دې صوبه کښې د اوبو په ذریعه به ئے راولو، دا اوبه چې دغه کړو نو په ملاکنډ ډویژن، هزاره ډویژن، راځئ چې په دې خوړونو بندونه وتړو، هائیډل پاور جنریشن د 25 هزار نه واخله د 50 هزار میګاواټه پورې د دې سروے شوې ده، که دا نه شئ کولے نو زه د پی ټی آئی چې کوم انقلاب راولی، عمران خان ته زه دا دغه کوم چې ته دا ماډل وګنړه، که ستا په پاکستان حکومت رانغې خو تا د پاره یو ماډل صوبه راغله، ته اوس د یکښې دغه وکړه، دا Olive oil پیدا کولو د پاره ایک لاکھ بوټی ایښی دی، نه، زمونږه انوائرونمنټ څومره دے، زمونږه زیارتونه وګوره ټول چې کوم دے خونه ولاړ دے او قدرتی ولاړ دے، د هغې Grafting پکار دے۔ نن چې کوم دے د مهاتیر محمد نه Inspired دے عمران خان، د معیشت د هغه سره Vision وو، هغه سره Vision وو، هغه ولګیدو چې بهئی د ربړ وخت لاړ، پلاسټک پیدا شوے دے، قوم ته ئے اووئیل او ووټ ئے واخستو او قوم ته ئے اووئیل چې ختم کړئ دا ربړ، د ربړ ضرورت نشته، اوس د دې په ځائے Palm بوټی دغه کړئ، ولې چې Tropical weather دے او دې وخت دلته Palm، که مونږه پټرول او ډیزل نه شو پیدا کولے، مونږ به دا خوردنی تیل پیدا کړو او هغسې ئے وکړل او ملائیشیا د هغې د لاسه ایشین ټائیګر

جوړ شو، ایشین ټائیګر جوړ شو او د بلین ډالرز Palm oil دنیا ته سپلائی کوی۔ نو ولې مونږه، په ایک لاکھ بوټو باندې نه کیږی، د دې د پاره پکار ده چې یو کروړ سالانه بوټی نالول په دې غرونو باندې، د هغې فائده به څه وه۔ نو که تاسو 'ګرین پختونخوا' غواړئ نو یو به Erosion نه کیږی، Land sliding به نه کیږی، غرونه به بچ شی، یو چې کوم دے نو مونږه بلین ډالر دا پیسه، هله به پوره کیږی نو دا به یو انقلابی تبدیلی وی چې مونږ به خوردنی آئیل چې کوم دے، د Olive oil مونږ ته غټ مارکیټ د هندوستان دے، افغانستان دے، چائنا ده، دوئ ته مونږ سپلائی کولې شو نو که پخپله پرې نه پوهیږو نو پکار ده چې عمران خان جهانګیر ترین رااوغواړی، دا Think tank رااوغوړی او هرچا ته، دا اسرائیل سره زمونږه ورانه ده خیر دے، د ده سره به ئے نه کوؤ، سپین، دا اټلی نه به استفاده واخلو۔ د غسې د اوبو، اوبه ضائع کیږی، د دې اوبو دا Water resources کنټرول کول دی نو که پخپله پرې نه پوهیږو نو ورشئ د جرمنی نه استفاده واخلئ چې هغه څه چل کوی؟ د میلونه په حساب هغوی دغه جوړې کړې، Drift irrigation نظام باندې هغوی دغه کوی، یو یو قطره د اوبو هغه نه ضائع کوی او زمونږ نه بلا اوبه لګیا ده هغه ضائع کیږی۔ د غسې زمونږه Minerals دی، زمونږه Minerals ډیر غلطې طریقې باندې لګیا دی دغه کیږی نو که دا استفاده، نو ور د شی د اټلی نه د استفاده واخلی۔ د غسې د هرې خبرې د پاره پکار ده که په مونږ کښې خپل دا Capability نه وی او دا خاصیت نه وی او نشته مونږ د یو وسپنې نه تبر جوړوؤ په سلو روپو، هغه د یو کلو وسپنې نه د لاکھ روپو مشینری جوړوی، نو دا استفاده پکار ده چې مونږه دغه کوؤ او دا یو ماډل مونږ دغه کړو۔ جناب سپیکر صاحب، زه امید لرم چې دا حکومت، مونږ اپوزیشن به ورسره بالکل کوآپریشن کوؤ، دا یوه جرګه یو، مونږه غواړو چې دا صوبه ترقی وکړی لیکن د دې د پاره غټ شے چې کوم دے د حکومت په عوام باندې، د عوامو په خپل حکومت اعتماد دے، اصلی شے اعتماد دے، بې د اعتماد نه ګورې ترقی نه راځی۔ د چین یو غټ عظیم Philosopher Confucius نه چا تپوس وکړو چې د چین د ریاست د بقاء د پاره څه عوامل ضروری دی، کومې ستنې پکار دی؟ هغه وئیل د رې ستنې اهم دی، مضبوط فوج، خوشحاله عوام او د عوام په

خپل حکمرانانو اعتماد، دا درې Pillars دی. هغه وئیل چې بهئی په دې درې Pillars کښې کوم Pillar ترې لرې کړې، په دوه به دا ریاست ټینګیږی؟ هغه وئیل چې مضبوط فوج ترې لرې کړه، عوام خوشحاله وی او د عوامو په خپلو حکمرانانو اعتماد وی نو ریاست به بیا هم ټینګیږی. هغه وئیل چې په دې دوه کښې یو لرې کړې نو په کوم به د ریاست بقاء وی؟ هغه وئیل چې د عوام خوشحالی ترې لرې کړې او که د عوام په خپلو حکمرانانو اعتماد وو نو بیا هم ریاست ټینګیږی. اوس د عوامو اعتماد به څنګه راځی؟ په Good governance، Good governance څه ته وائی؟ میرټ، انصاف، عزم، جذبه او د کرپشن خاتمه. دا کرپشن چې کوم دے، دا 'وائنه' دے، دا چې کوم دے 'وائنه' دے او دا لرګے صفا ښکاریږی د ننه ئے هر څه وخوړل، د دې خاتمه پکار ده. جناب سپیکر صاحب، Good governance زه امید لرم او زما یقین دے، طمع لرم لیکن زه جناب وزیر اعلیٰ صاحب ته لږ غوندې، وزیر اعلیٰ صاحب چې دے As a Kingmaker د ده زه ډیر ستاینه کوم. په 1993 کښې زما او د ده یو بل سره Tussle شوے وو، ما د صابر شاه حکومت جوړ کړے وو او په هغې کښې زما مرکزی کردار وو او ده د صابر شاه حکومت مات کړے وو، په هغې کښې د ده مرکزی کردار وو، په هغې کښې ما دے ومنلو، په قبائیلی حیثیت باندې زه جوړ تهوړ کښې ښه ووم خو ما چې د ده دا جوړ تهوړ ولیدو نو ما وئیل تا Master کړے دے په دیکښې (قهقهے) لیکن زه حیران دا یم چې په هغې کښې دے ډیر ښه Active وو، ښه Energetic وو، ښه د غه وو خو کله نه چې دے وزیر اعلیٰ شوے دے As a Kingmaker خو ښه وو خو As a King ډیر Lethargic غوندې راته ښکاری. دا کوم چې د پی ټی آئی جذبه ده کنه د انقلاب راوستو، د هغې د پاره لږ لږ تیزی پکار ده، لږ جرات پکار دے، لږ د غه پکار دے، لږ مخې ته راوتل پکار دی او چې په کومه جذبه باندې پی ټی آئی انقلاب راولی، د غه جذبه، د غه جذبه څه پکار ده؟ جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب! جناب سپیکر صاحب! د عمر فاروقؓ په شان Determination پکار دے چې د دریائے نیل ئے Surrender کړے وو، د خمینی په شان احتساب پکار دے، د موزی تونګ په شان ارادې پکار دی، د مهاتیر محمد په شان په معیشت باندې Vision پکار دے، دا به هله هغه تبدیلی راځی، بې د

دې نه تبدیلی نه راځی۔ جناب سپیکر صاحب، ما ستاسو وخت واخستو، ما له به چرته ډیر وخت بیا را کوئ خوزه تاسو ته جی اخره کښې لږ دغه کوم چې د پی ټی آئی د پاره Your birth may be normal, but your death should be history ، پکار ده چې هسټری جوړه کړئ او په اخره کښې زه دا مهربانی تاسو ته کوم چې زما څه گزارشات دی او هغه پی اینډ ډی او وزیر خزانه صاحب چې دا توجه ولری، هغه په ضلع تور غر کښې په دریائے برندو باندې ډیم چې هغه به هائیډل جنریشن او Irrigation purpose به Solve کوی او ډیر ښه سکیم دے او د هغې څه فزیبیلټی رپورټ هم جوړ شوے وو، USAID والا وو۔ دا سې د تورازم د فروغ د پاره مچی سر چې کوم دے او ماہڼ باندې، دا یو تاریخی او ډیر ښکلی ځایونه دی او د مری او د نتهیا گلئ نه ئے ډیر زیات ښه انوائرونمنټ دے۔ جناب عالیٰ، په دې باندې مهربانی وکړئ چې د دې ډیویلپمنټ اتهارټی جوړه شی۔ د تربیلا ډیم متاثرین چې دی، څلویښت کالو نه چې مونږه دا تربیلا ډیم جوړ کړے دے، هغه متاثرین په تور غر کښې هغسې په سپرونو کښې پراته دی، د هغوی د پاره زمکې اخستې شوې دی، د هغوی Rehabilitation پکار دے، آباد کیدل جی، د دوئ Resettlement دے، دې ته د توجه ورکړې شی ولې چې نیټ پرافټ اخلی نو پکار ده چې د هغوی دغه وکړی۔ د تور غر په رائټ او لفټ بنک باندې په اباسین باندې پل پکار دے US project والا د دې فزیبیلیټی رپورټ جوړ کړے وو چې په هغې باندې دغه شی۔ د تور غر په مختلفو خوړونو باندې بندونه پکار دی او Hard area ده، د تور غر پولیس او د استاذانو د پاره Special incentive پکار دے، مزید پرائمری سکولونه جوړول پکار دی، بی ایچ یوز او ډسپنسرئ پکار دی نو د ترقی یافته 'گرین او روخانه پختونخوا' کاش په اخر په یو شعر به ئے ختم کړم چې:

ے اے زړگیه او لیونیه ته او په دې چمن کښې مینه
د سوراور په سرو لمبو کښې شین غندل کړلې کیږی

<u>اراکین</u>: ماشاءاللہ۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جناب جاوید اکبر صاحب۔ اراکین اسمبلی سے یہ گزارش کرتا ہوں جی کہ وقت کا لحاظ رکھیں، کم از کم دس سے بارہ منٹ سے زیادہ جو ہے تو وقت مت لیجئے گا۔ شکریہ۔

جناب جاوید اکبر خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، وقت دینے پہ مشکور ہوں۔ ہمارے معزز اراکین اسمبلی جنہوں نے بڑی اچھی تقریریں کیں، کافی اچھی تجاویز دیں، کسی نے بجٹ کو برا کہا، کسی نے اچھا کہا لیکن میرے خیال میں کہ یہ فیصلہ ہم صوبے کے عوام پہ چھوڑ دیں، جو اس صوبے کے وسائل کے اصلی مالک ہیں اور وہی بہترین جج ہیں۔ جناب سپیکر، آپ پچھلے 20/15 سال کی ان تمام بجٹ تقاریر کا اگر آپ جائزہ لیں تو ان میں دو فقرے آپ کو بڑے مشترک ملیں گے۔ ایک یہ کہ ہم پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے برابر لائیں گے اور دوسرا یہ کہ ہم صوبے کے وسائل بڑے منصفانہ طریقے سے تقسیم کریں گے لیکن جناب سپیکر، ہوتا اس کے برعکس ہے۔ اگر آپ پچھلی حکومت کا ریکارڈ دیکھیں تو ہمارے صوبے کے تمام وسائل ضلع مردان میں استعمال ہوئے ہیں اور اگر اس سے پہلے حکومت کا آپ جائزہ لیں تو ہمارے صوبے کے تمام وسائل ضلع بنوں میں استعمال ہوئے۔ ان کی بنیادی وجہ یہ کہ اس وقت ہمارے وزیر اعلیٰ درانی صاحب تھے اور پچھلی حکومت میں ہمارے وزیر اعلیٰ حیدر ہوتی صاحب بنے تو انہوں نے صوبے کے وسائل کیساتھ، صوبے کے عوام کیساتھ بڑی بے انصافی سے کام لیا۔ میرے نئے وزیر اعلیٰ صاحب سے اور نئے وزیر خزانہ صاحب سے یہ گزارش ہوگی کہ وہ پچھلی بے انصافیوں کا ازالہ کریں اور آئندہ کیلئے صوبے کے وسائل کی منصفانہ تقسیم یقینی بنائیں۔ مجھے اس بجٹ میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آرہی جس سے ہم پسماندہ علاقوں کو ترقی یافتہ علاقوں کے مقابلے میں ڈیویلپ کریں کیونکہ انہوں نے جو بجٹ ترجیحات Fix کی ہیں، ان محکموں کو زیادہ رقوم دی گئیں جو انکم Generate نہیں کر سکتے اور ان محکموں کو نظر انداز کیا جو صوبے کے وسائل میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ میری وزیر خزانہ صاحب سے یہ بھی التجاء ہوگی کہ ہمارے پاس چند محکمے ہیں جس طرح زراعت ہے، جس طرح ایریگیشن ہے، جس طرح انڈسٹریز ہے، جس طرح منرلز ہے، ان کے فنڈز میں مزید اضافہ کریں تاکہ ہمارا صوبہ وسائل کے لحاظ سے خود کفیل بنے۔ میرا ان محکموں سے بھی کوئی اختلاف نہیں، جس طرح ہیلتھ ہے، ایجوکیشن ہے، پولیس ہے، ان کیلئے بھی وسائل بڑے ضروری ہیں لیکن ان محکموں کا جن محکمہ جات کا میں نے ذکر کیا، اگر ان کیلئے ہم فنڈ کا بندوبست کریں تو ان سے

ہمیں کافی انکم Generate ہو سکتی ہے۔ اب اس بجٹ کے اثرات جوکہ میرے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان پہ پڑیں گے، میرا ضلع ایک زرعی ضلع ہے، یہ 22، 23 لاکھ ایکڑ زمین پہ محیط ہے۔ اس میں ساری زمین Plain ہے، ہموار زمینیں ہیں لیکن پانی نہ ہونے کی وجہ سے ان زمینوں کادارومدار یاتو بارش پر ہوتا ہے اور یا فلڈ کا پانی جوکہ پہاڑوں سے آتا ہے تو چونکہ ڈی آئی خان میں بارش کی اوسط بہت کم ہے، اسلئے یہ زمینیں اکثر غیر آباد رہتی ہیں۔ میری صوبائی حکومت سے گزارش ہوگی کہ ڈی آئی خان CRBC First Lift کا اگر انتظام کیا جائے، اس کا افتتاح ہو جائے (تالیاں) تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ ہم اس صوبے کیلئے وافر مقدار میں زرعی اجناس پیدا کر سکتے ہیں۔ یہ صوبہ گندم کے لحاظ سے، یہ صوبہ چینی کے لحاظ سے ان شاء اللہ خود کفیل ہوگا اور ہماری پنجاب کی محتاجی ختم ہو جائے گی۔ میں ڈی آئی خان ضلع کا تھوڑا سا حدود اربعہ اگر آپ کو بیان کردوں، جناب سپیکر صاحب، ہمارا ضلع 120 میل لمبا اور 80 میل چوڑا ہے، اس کا ایک ہی انتظامی یونٹ ہے اور یہاں تحصیلوں کو ضلع کے درجے دیئے گئے جوکہ خالصتاً سیاسی بنیادوں پر تھے۔ ہمارا ضلع ڈیرہ اسماعیل خان جس میں ایک بڑی اور اہم تحصیل پہاڑ پور تحصیل ہے جوکہ آبادی کے لحاظ سے اور آمد کے لحاظ سے ہمارے ضلع کی ایک اہم تحصیل ہے۔ اگر اس کو ہم ضلع کا درجہ دیں تو انتظامی لحاظ سے ہمارے لوگوں کو بڑی آسانی پیدا ہوگی۔ ہمارے ضلع کیساتھ پچھلی حکومت میں ایک بڑی بے انصافی ہوئی کہ ہمارے ضلع میں 5 سالوں میں کوئی استاد بھرتی نہیں ہوا اور ہمارے بچے تعلیم سے محروم رہے، ہمارے نوجوان جوکہ Overage ہوتے چلے گئے جناب سپیکر صاحب، ہمارے وزیر تعلیم صاحب بیٹھے ہیں، پچھلی حکومت کے ہمارے وزیر تعلیم صاحب، ان کو اس کیس کا پتہ ہے کہ ہمارے ضلع میں ایم ایم اے دور میں 1613 استاد بھرتی ہوئے تھے اور بعدمیں جب اے این پی کی حکومت آئی تو ان استادوں کو فارغ کیا گیا، یہ تمام استاد عدالتوں میں چلے گئے، اس کا ہمیں یہ نقصان ہوا کہ نئی بھرتیوں پر پابندی ہوگئی، لہذا میری یہ گزارش ہوگی نئی حکومت سے کہ ان 1613 استادوں کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دیں، ان میں جو کوالیفائیڈ لوگ ہیں، اہل لوگ ہیں، ان کو ضرور بحال کیا جائے اور ان میں جو میرٹ پر نہیں آتے یا کسی سیاسی بنیاد پر اگر وہ بھرتی ہوئے ہیں تو ان کو ضرور فارغ کیا جائے۔ اس سے ہمیں یہ فائدہ ہوگا کہ اس سے نئی بھرتیاں ہمارے ضلع

میں شروع ہوجائیں گی اور ہمارے بچے، ہمارے نوجوان مزید Suffer نہیں ہونگے اور میرے خیال میں آج وزیر تعلیم صاحب تو ہیں نہیں، اکثر ہمارے وزراء صاحبان غیر حاضر ہیں تو اگر یہ میرا پوائنٹ وہ نوٹ کریں تو اس سے ہمارے ضلع کو کافی نقصان سے بچایا جاسکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں ایک چیز کی طرف آپ کا دھیان ضرور مبذول کرونگا کہ ہمارا ڈی آئی خان پشاور سے 170 میل کے فاصلے پر ہے اور یہی فاصلہ ہمارا ڈی آئی خان سے ملتان تک ہے۔ ہمارے ضلع میں ہیلتھ سہولتیں نہ ہونے کے برابر ہیں، جس طرح زرین گل خان نے ایوب میڈیکل کالج کا ذکر کیا تو ہم تو ایبٹ آباد کو بدرجہا بہتر سمجھتے ہیں لیکن جب وہاں پر یہ حالات ہیں تو آپ خود سوچیں کہ ڈی آئی خان میں کیا حالات ہونگے؟ تو وزیر خزانہ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، جو دور افتادہ علاقے ہیں جس طرح کوہستان ہے، جس طرح دیر ہے، جس طرح ٹانک ہے، ڈی آئی خان ہے، جس طرح لکی، بنوں ہے تو اس بجٹ میں وہاں پر ہیلتھ کی سہولیات زیادہ مہیا کی جائیں تاکہ جو سیریس مریض ہیں، وہ ہمارے ڈی آئی خان سے جب پشاور آتے ہیں یا ڈی آئی خان سے جو ملتان جاتے ہیں تو حقیقت میں ان میں بہت کم لوگ بڑے خوش نصیب ہوتے ہیں جو پشاور تک پہنچنے میں کامیاب ہوتے ہیں، اکثر راستے میں یا تو مر جاتے ہیں اور یا بے چارے تڑپ تڑپ کر پشاور کا انتظار کرتے ہیں تو وزیر خزانہ صاحب میرے خیال میں اس بات کا ضرور احساس کریں گے کہ جو دور افتادہ علاقے ہیں تو ان کیلئے میرے خیال میں ہیلتھ سہولیات کا بے حد زیادہ ہونا ضروری ہے۔ میں ایک تجویز جناب سپیکر، آج تو چیف منسٹر صاحب ہیں نہیں، لیکن میرے خیال میں اسرار خان بار بار کہتے ہیں کہ Cabinet collectively responsible ہے، ہمارے جتنے بھی محکمے ہیں، خواہ وہ تعلیم کا ہے، صحت کا ہے، پولیس کا ہے، ایریگیشن کا ہو، سی این ڈبلیو کا ہو، تو انگریز کی حکومت نے ایک پالیسی بنائی تھی کہ جو بھی کلاس ون آفیسر ہوگا، وہ اپنے ضلع میں کام نہیں کرے گا، وہ دوسرے ضلع میں کام کرے گا کیونکہ جب وہ اپنے ضلعوں میں کام کرتے ہیں تو ان کے رشتہ دار اور ان کے دوست ان کے راستے میں رکاوٹ ہوتے ہیں۔ اگر دوبارہ یہی پالیسی بحال کی جائے اور ہمارے اکثر کلاس ون افسران جو کہ اپنے ضلعوں میں کام کر رہے ہیں، وہ اگر دوسرے ضلعوں میں کام کریں تو میرے خیال میں آدھی برائیوں کا مداوا ہو جائے گا، یہ میری ایک گزارش ہے، میری ایک Suggestion ہے۔ ہماری نئی حکومت ہے، ہماری دعا ہے کہ ہمارے چیف منسٹر صاحب اس صوبے کے مسائل حل کرنے میں کامیاب ہوں، ہمارا ان کیساتھ تعاون بھی ہوگا، ہماری دعا بھی ہوگی۔ ہمارے صوبے کے جو حالات ہیں، اللہ تعالیٰ ان کو توفیق

دے کہ وہ ان کو حل کرنے میں کامیاب ہوں۔ وزیر صحت صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے ہسپتالوں کا بڑا Chronic مسئلہ ہے، ان کو بڑی چستی سے کام کرنا پڑے گا۔ ان کے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں خاصکر جو ہمارے سپیشلسٹ ڈاکٹرز ہیں، یہ کام کرنے کو ترجیح نہیں دیتے ہیں، ہسپتالوں کو وقت نہیں دیتے ہیں تو ہماری ان سے بھی درخواست ہوگی کہ وہ اس قسم کی پالیسیاں بنائیں تاکہ صوبے کے عوام ان کو دعائیں دیں اور آج تک جو محرومیاں ہیں، ان کا ازالہ ہوسکے۔ میری دو تین یہی گزارشات تھیں سپیکر صاحب، میں زیادہ وقت آپ کا نہیں لیتا۔ مجھے وقت دینے پر میں آپ کا بڑا مشکور ہوں۔ بڑی مہربانی، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب منور خان ایڈوکیٹ صاحب۔

(تالیاں)

جناب منور خان ایڈوکیٹ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ Thankyou Mr. Speaker۔ سپیکر صاحب، زه خپل تقریر د منسټر فنانس د خواهشاتو مطابق شروع کوم او د منسټر صاحب خواهش دا وو چې ته به خپل تقریر په خپله ژبه کښې کوې او مروت والا ژبه کښې به کوې خو بهرحال که په دې ژبه باندې زما نه څه کسانو ته تکلیف وی نو هغه ګیله به صرف د منسټر صاحب نه کوی۔ سپیکر صاحب، تقریرونه تقریباً په دې بجټ باندې ډیر وشول خو په دې ټائم باندې زه یو چونکا دینے والی یو خبر تا سو ته په دې موقع باندې پیش کوم او حقیقت دا دے چې ډیره د افسوس خبره ده چې په دې ایوان کښې څلور ممبران چې هغوی په بائیکاټ باندې دی او هغوی دې ایوان ته نه راځی، د هغوی نومونه هم زه ستاسو په مخ کښې اخلم چې په هغې کښې یو مظفر سید دے، سعید ګل صاحب دے، ملک بهرام خان دے او محمد علی صاحب دے، دا څلور واړه ملګری او که دا کسان چرته په دې ایریا کښې، د دې اسمبلئ په دې ځائے کښې موجود هم وی نو زه خپل ملګرو ته اپوزیشن والا ته هم دا درخواست کوم چې هغه کسانو سره ملاؤ شی او هغه دې ایوان ته راولئ او د هغوی ګیلې هم دی، ګیلې ئے هم بالکل جائز دی نو سپیکر صاحب، ډیره د افسوس خبره ده چې نن دا څلور واړه کسان چې په حکومت کښې حصه دار هم دی او هغه په دې وجه باندې دې اجلاس ته نه راځی چې هغوی وائی چې مونږ سره زیاتے شوے دے او د فنډ په لحاظ سره هغه ګیلې شکوې کوی، نو زه خپلو ملګرو ته دعوت ورکوم، دا درخواست ورته کوم چې د اسمبلئ بائیکاټ د نه کوی، مونږ د لته اپوزیشن کښې ناست یو، د هغوی

د پاره به مونږه خپل آواز وچتوؤ (تالیاں) او چې څه رنګه د دوئ سره زیاتے شوے دے ، دغه شان د ټول اپوزیشن والا سره دا زیاتے دے خو زمونږه کار دا نه دے چې د اسمبلئ نه بائیکاټ وکړو یا اسمبلی مونږه پرېږدو ، مونږ به خپل احتجاج د اسمبلئ په فلور باندې ، هغه میډیا والا حضرات هم ناست دی ، مونږ به خپل آواز ، خپل احتجاج د اسمبلئ په فلور باندې وچتوؤ نو دا یو ځل بیا هم هغه کسانو ته زما دا ریکویسټ دے چې د اپوزیشن بنچونو باندې د راشی ، مونږ سره د کښینی او ان شاء الله دا یقین ورکوؤ چې کوم زیاتے د دوئ سره شوے دے ، هغه به ان شاء الله تعالیٰ د حکومت نه مونږ په زور باندې ، خیر دے که زمونږه اپوزیشن والا ته نه شی ملاؤ ، د دوئ د پاره به هم مونږه جھګړه کوؤ ـ (تالیاں) زه خپل تقریر د ایجوکیشن نه شروع کوم جناب سپیکر صاحب ، او که دا فنانس منسټر صاحب مونږ ته لږه توجه وکړی ، توجه غواړو ، پرون ما ته جناب سپیکر صاحب ، یو میسج ملاؤ شو چې دې تیرو ورځو کښې چې د میټرک دا کوم ریزلټ وتلے دے ، په هغې کښې Top ten or twenty ، Top ten او Twenty چې ورته وائی ، زرین ګل خان چې کومه خبره وکړه ، په هغې Twenty کښې ، په هغه Top ten کښې یو کس هم د ګورنمنټ سکول والا نشته ـ هغوی ما ته خپل یو Suggestion دغه کړو چې یره بهئی څومره د سکولونو هیډ ماسټرز دی ، د هغوی خلاف د ایکشن واخستے شی چې آیا دا پبلک سکولونه خو چې څومره دی ، په هغې کښې خو Top ten والا هم راځی او Twenty والا هم راځی او د ګورنمنټ والا سکولونه چې کوم دی ، هغه بالکل لاندې راروان دی او بله هم دا د افسوس یوه خبره ده چې زمونږه د ایجوکیشن منسټر او بعض نور منسټران هم په دې ایوان کښې موجود نشته ، د پی ټی آئی د تبدیلئ خونن د دې ځائې نه هم پته لګی چې د دوئ څومره دلچسپی ده په دې ایوان کښې چې د بجټ په ورځو کښې هم منسټران موجود نه دی ؟ اپوزیشن نن د دوئ سره چې کوم کوآپریشن کوی ، هغه چې کوم تجاویز ورکوی ، د افسوس خبره ده ، د ریونیو ډیپارټمنټ منسټر په ایوان کښې ، د بجټ ټائم کښے هم موجود نه وی نو د هغوی نه به مونږ د تبدیلئ کوم امید لرو ؟ جناب سپیکر صاحب ، د ایجوکیشن په باره کښې چې څومره فنډونه په دې بجټ کښې ورته مقرر شوی دی ، زما جناب فنانس منسټر ته دا ریکویسټ دے ،

درخواست دے چې دا بلډنګونه، دا پرائمری سکولونه، دا هائی سکولونه، دا موجوده په دې بجټ کښې دا سکولونه ترې وباسه، دا هائی سکولونه ترې وباسه، زما صرف دا یو Suggestion دے چې دا کوم پرائمری لیول ایجوکیشن په دې صوبه کښې دے او کوم تباهئ طرف ته روان دے ، نن چې چا ته سروس نه ملاؤیږی نو د هغه دا کوشش دے چې یره بهئ پرائمری ټیچر بهرتی شه، هغه یو ټائم کښې خو په ایوان کښې هم دا پرائمری والا داسې سټیج ته راغلی وو چې ایم پی اے ګانو ته به د پرائمری ټیچرانو کوټې ملاویدې. هلته به چې نور روزګار نه ملاویدو نو پرائمری ټیچر به ئے بهرتی کړو. جناب سپیکر صاحب، نن زمونږه بچی که هغه د ایف ایس سی لیول دی، که هغه د بی ایس سی لیول دی، که هغه د ایم ایس سی لیول دی، هغه نن په دې صوبه کښې دومره په ګڼ تعداد باندې موجود دی او بې روزګاره دی، حقیقت دا دے چې که چرې د دغه شی د پاره دغه طرف ته توجه ورکړو چې د پرائمری کوالیفیکیشن صرف ایف اے دے او بیا چې کوم دے ایلیمنټری کالجونه دی، د هغه چې کوم ټیچنګ سټاف دے ، هغه د سټینډرډ نه دے نو زما دا ریکویسټ دے ، دا Suggestion دے ، Proposal دے چې د پرائمری لیول ټیچر د پاره، د هغه د پاره دا کوالیفیکیشن کم از کم د بی ایس سی لیول پکار دے چې زمونږه Basic نه وی Strong شوے ، زمونږ بنیاد نه وی ټهیک شوے او د هغې نه بعد چې دا کومه تاسو د سلیبس خبره کوئ چې یره زمونږ په دې صوبه کښې به Equal education، نو Equal education خو د ایف ایس سی پورې تقریباً د ټولو یو دے ، که هغه ایف ایس سی څوک نان میډیکل وائی، که څوک میډیکل وائی، هغه سټینډرډ خو تقریباً یو دے خو ته نن د پبلک سکول د یو اول کلاس، د Prep والا بچی سلیبس ته را واخله او ته د ګورنمټ پرائمری سکول هغه سلیبس راواخله، هغه ټیچر د هغه پرائیویټ سکول والا سلیبس، په دې پوهیږی نه چې دا به زه پړهاؤ کوم څنګه؟ نو د دې د پاره زما دا ریکویسټ دے چې د پرائمری ټیچر کوالیفیکیشن سټینډرډ د وچت کړی نو هله به ان شاء الله وتعالیٰ د دې پرائمری سټیج نه، چې کوم زمونږه ایجوکیشن دے ، هغه به هله بهتر کیږی او دغې سره زه سراج الحق صاحب ته دا یوه خبره کوم چې مخکښې د لکی کالج د پاره یو کیډټ کالج منظور شوے وو او نن په اے ډی پی کښې د هغه کالج ذکر ما ته چرته ښکاری نه، ښکاری خو به ځکه نه وایم چې زه به دې

مروتو کښې چې خبره کوم چې هغه په اے ډی پی کښې ما ته چرته د نظر لاندې نه راځی چې آیا هغه کیډټ کالج چرته بل خوا لاړلو نو زما ریکویسټ دے چې کم از کم مخکښې د ور کښې چه کوم کیډټ کالج د لکی مروت د پاره منظور شوے وو، د هغې د هم لږ مونږ ته وضاحت وکړی چې هغه کیډټ کالج کوم خوا ته لاړو؟ جناب سپیکر، د ویم ډیپارټمنټ چې کوم د هیلتھ ډیپارټمنټ دے، نن په دې بجټ کښې ټول زور زمونږه په دې پیښور کښې چې کوم هسپتالونه دی، په هغې باندې مونږه زور لګولے دے او جاوید اکبر خان تاسو ته خبره وکړه چې د ډی آئی خان نه یو مریض پشاور ته راځی نو ته خپله سوچ کوه چې هغه پشاور ته په رسیدو باندې هم په لاره کښې 'ایکسپائر' شی۔ د مخکښینې ګورنمنټ هم دا پالیسی وه چې د بی ایچ یو چې کوم یو سسټم وو، هغه Totally failed دے او زما خیال دے چې څومره دا ایم پی اے ګان د لته ناست دی او په هغه حلقه کښې چې څومره بی ایچ یوز دی، په هغې کښې یو ډاکټر هم نشته، زما دې هیلتھ منسټر صاحب ته دا یو Suggestion دے چې هر کال، که هغه د پشاور میډیکل کالج دے، که هغه د ایبټ آباد میډیکل کالج دے او چې څومره پرائیویټ میډیکل کالجونه دی، هر کال په سوؤنو، په زرونو باندې دا میډیکل ډاکټران فارغیږی او وسه پورې زمونږه بی ایچ یوز، آر ایچ سیز ټول خالی پراته دی، زما هیلتھ منسټر ته دا هم یو Proposal دے، Suggestion دے چې د هر ډسټرکټ چې څومره ډاکټران په دې پشاور کښې پراته دی، هغه د خپل ډسټرکټ ته ټرانسفر کړی او په هغې کښې زما هم قصور شته، زمونږه د ایم پی اے ګانو هم قصور شته ولې چې هغه ډاکټرز چې کله د پشاور نه ټرانسفر کوې نو هغه په سفارش باندې شروع شی او خپل ځان بیا په پشاور کښې پاتې کړی، هغه به په پشاور کښې ډیوټی صرف د دې د پاره کوی چې زما بچی دلته په دې پشاور کښې تعلیم حاصلوی، د هغه سره دا فکر نشته چې تا خو ایف ایس سی د لکی نه کړې ده، Medical facilities تا ته کالج درکړی دی او نن ته سروس په پشاور کښې کوې نو زما هیلتھ منسټر ته دا ریکویسټ دے چې د هر ډسټرکټ چې څومره د لوکل ډسټرکټ ډاکټران دی، هغه د خپل ډسټرکټ ته لاړ شی نو هله قدرې به دا، د دې بی ایچ یو چې کومه کمی ده، هغه به ان شاء اللّٰه و تعالیٰ په دې صورت سره پوره کیږی۔ جناب سپیکر صاحب، مخکښې چې کومه ما خبره وکړه چې دا کوم ملګری خفه دی،

د غسې دا اپوزیشن والا کسان هم او په دیکښې به زما خیال دے ټریژری بنچ والا کسان هم په دې باندې د ناراضګۍ اظهار یقیني کوی، ولې چې د هغه علاقې د پاره چند مخصوص ډسټرکټس چې کوم دی، د هغې د پاره صرف د Road facilities ملاؤ شوی دی او نور چې څومره ډسټرکټس دی، په اے ډی پی کښې د هغې بالکل ذکر هم نشته۔ نو زه به فنانس منسټر ته دا ریکویسټ کوم چې دا جنوبی اضلاع هم د دې صوبې یوه حصه ده او په دې موجوده بجټ کښې چې څومره پورې دا ضلع، دا علاقه، دا جنوبی اضلاع چې څومره په دې بجټ کښې Ignore شوی دی، ما په تاریخ کښې، په هسټری کښې بل ځائے کښې په بل بجټ کښې داسې چرته نه دی لیدلی او که چرته مونږ هم دې څیز ته مجبوره کوئ چې مونږه هم د خپلې صوبې علیحده یوه بله، د خپلې صوبې هم ډیمانډ وکړو ولې چې نن د کومې ضلعې نه چیف منسټر جوړیږی نو هغه ضلع به ترقی کوی او باقی چې څومره ضلعې دی، هغه به ټولې مایوسه او Ignore پاتې کیږی نو په دې سټیج باندې زه به هم د دې د پاره د خپلې جنوبی اضلاع ملګرو سره هم دا مشوره کوم چې زمونږه د خپلې جنوبی اضلاع صوبې مطالبه به هم جائزه وی، که چرته مونږ سره د غسې Behaviour او د غسې رویه کیدله نو زمونږه به هم مجبوری وی چې مونږ ته هم د خپلې جنوبی اضلاع صوبې، د یوبلې صوبې اعلان وشی۔ (تالیاں) جناب سپیکر صاحب، فنانس منسټر صاحب ته د تبدیلۍ په باره کښې زه یو Proposal ورکوم خاصکر د ایجوکیشن په باره کښې چې په دې صوبه کښې چې څومره ګرلز سکولونه دی، هغه تقریباً ټول بند دی، د دې استاذانې، د دې ټیچرې ټولې په سټی کښې چې څومره سکولونه دی، په هغې کښې ډیوټیانې کوی او نور چې څومره دیهاتونه دی، Villages دی، په هغې کښې ټول د ګرلز چې څومره سکولونه دی، هغه تقریباً ټول بند دی۔ مخکښې دې حکومت یو سکیم شروع کړے وو چې هغوی به دې زنانوُ ته د بهر سکول د کنوینس بندوبست ئے کړے وو نو چې په کومه ایریا کښې، په کوم یونین کونسل کښې به هغه سکولونه وو نو هغه ټیچرز به ئے د کور نه، د Pick and drop یوه Facility ئے ورکړې وه نو د غسې صورت سره به دا سکولونه او دا ټیچرې په ډیر ټائم باندې سکول ته هم رسیدلې او واپسی به ئے هم کوله، نو پته نشته چې بابک صاحب د وئ نه

بعد هغه سسټم، هغه څیز بند کړو، ولې په دې باندې خو کیدے شی خرچه هم ډیر راتله۔ نو زما دا یو Suggestion دے چې کم از کم او خاصکر دا ګرلز سکولونه چې کوم دی او دا میل سکولونه دی، که د دغه خلاف تاسو چرته دا ایکشن، دا سې کارروائی شروع کړی، دا سکولونه کهلاؤ شی، دا سکولونه بند دی۔ نن ټیچران، د پرائمری ټیچر چې څومره تنخواه ده، ته به سوچ نه شې کولې چې جناب سپیکر صاحب، د هر پرائمری ټیچر د 20 هزار نه، د 25 هزار نه کمه تنخواه نشته او یو پرائیویټ پبلک سکول کښې یو ایم ایس سی او د بی ایس سی ټیچر 8 هزار یا 9 هزار روپئ تنخواه اخلی۔ زما دا ریکویسټ دے چې کم از کم په دغې باندې هم لږ سوچ وکړی او فکر وکړی۔ جناب سپیکر صاحب، د ایجوکیشن په باره کښې چې کوم اے ډی پی خاصکر دا هائر ایجوکیشن په باره کښې، دې اے ډی پی کښې د کالجز بالکل چرته هم ما دا سې کالج ونه لیدو، چرته نیو کالج په دې اے ډی پی کښې ذکر وی۔ جناب سپیکر صاحب، مخکښې دا اے این پی په دور کښې هم تقریباً 15، 20 نیو کالجز به په هره اے ډی پی کښې راتلل او دې سره به زمونږه بچی، چا ایم ایس سی کړې ده، چا ایم اے کړې ده، په هغې سره به دا بې روزګاری هم ختمیدله خو زه په دې باندې حیران یم چې دې موجوده حکومت په دې کالجونو باندې، په نیو کالجونو باندې پابندی ولې لګولې ده، په دې اے ډی پی کښې د دې ذکر ولې نشته؟ نو زما به دا هم Proposal وی، Suggestion وی چې نن دومره زیاته بې روزګاری ده چې کوم ایم ایس سی او ایم اے لیول بچی دی، هغه بې روزګار ګرځی او که حکومت هم دا کار ورسره شروع کړی چې هغه په کالجونو هم، په نیو کالجونو باندې هم پابندی ولګوی نو زما دا ریکویسټ دے جناب سپیکر صاحب، چې دا نیو کالجونه د په اے ډی پی کښې شامل شی چې د دې سره دا بے روزګاری هم ختم شی۔ جناب سپیکر، په اخره کښې زه د یو ډیپارټمنټ خبره کوم او هغه هم ډیره ضروری ده۔ جناب سپیکر صاحب، په دې مخکښې دور کښې ما په دغه کرسئ باندې چې دا اوس ما ته کومه الاټ شوې ده، په دغه ځائے باندې ما سپیکر صاحب ته دا ریکویسټ کړے وو چې جناب سپیکر صاحب! د یوې کمرې Estimate چې کوم سی اینډ ډبلیو والا لګولے دے، هغه 9 لاکه روپئ دے، (مداخلت) یو منټ، نو سپیکر صاحب! په دغه

کرسئ بانديٍ چې سپیکر صاحب ناست وو نو هغوی ما ته په جواب کښې اووئیل چې نه منور خانه، 9 لاکھ روپئ نه دے ، د یوې کمرې Estimate 13 لاکھ روپئ دے او ما په دغه ٹائم بانديٍ، په هغه وخت بانديٍ ما دا چیلنج کڑو چې زه مکمل پرائمری سکول، په 20 لاکھ روپئ بانديٍ 'کمپلیٹ' پرائمری سکول ورته جوڑولو بانديٍ تیار یم۔ (تالیاں) آیا د دې ملک سره، بدنام خو ایم پی اے دے چې هغه ته فنډ ملاؤ شو او هغه پکښې خرد برد کوی، جناب سپیکر، په 13 لاکھ روپئ بانديٍ کمره دا څوک سوچ هم نه شی کولے ، دا تصور هم نه شی کولے ،آیا په دې بانديٍ ماربل لګیږی، په دیکښې کوم داسې څیزونه لګیږی چې دوئ ئے 13 لاکھ روپئ Estimate جوڑوی؟ او جناب سپیکر صاحب، که څومره پورې مونږ دا سی اینډ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ په کنٹرول کښې وانخستو، نن هر ڈیپارٹمنٹ په دې بانديٍ سوچ کوی چې اخر زه هم د دې صوبې محکمې یو نوکر یم او percent 20 بلکه percent 40 ته کمیشن رسیدلے دے او بدنامی د چا ده؟ بدنامی ئے صرف د ایم پی اے ده۔ میڈیا والا ایم پی اے پسې لګیا دی چې دا فنډز خرد برد کوی او د دې ڈیپارٹمنٹ د پاره سوچ نه کوی چې آیا ما ته چې کله د ایم پی اے TSP دو کروڑ روپئ ملاویږی او هغه چې percent 30 او percent 20 سی اینډ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ ترینه ایډوانس کمیشن کٹ کڑی نو زه دا ریکویسٹ کوم چې د دې د پاره چرته داسې، او بل یو ریکویسٹ دا دے چې جناب عالی، ٹینډر فارم چې کوم ملاویږی د سی اینډ ڈبلیو په دفتر کښې، هغه چې ما ته هم تکلیف وی، هر هیډ کلرک ما پسې لګیا دے ، هر هیډ کلرک خپل ایم پی اے پسې لګیا دے چې ما فلانی ځائے ته ٹرانسفر کڑه، یو خو به دا ایم پی اے د دې مصیبت نه بچ شی، زما منسٹر صاحب ته دا Suggestion دے چې دا ٹینډر فارمونه د Through Bank کڑی چې چرته څوک هم د ٹھیکې ایډورٹائزمنٹ کیږی، ٹینډرې راځی، بینک ته د ځی، بینک نه د ٹینډر فارم اخلی، نو کم از کم دا کسان چې کوم هیډ کلرکس دی او دا کومه مافیا ده په دې سی اینډ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کښې، دا به کم از کم، زه به هم ترینه بچ شم، زه به هم د سفارشو نه بچ شم او هر ٹھیکیدار به بس بینک ته ځی او خپل ٹینډر فارم به اخلی۔ زه په اخره کښې د منسٹر صاحب ڈیره شکریه ادا کوم او ان شاء اللّٰه و تعالیٰ د اپوزیشن ٹول ملګری به چرته

هم دا سې تا سو ته په لاره کښې رکاوټ نه جوړيږی چې هغه تا سو د دې صوبې د پاره چې کوم کوشش کوئ، ان شاء الله مونږ به ستا سو ملاتړ کوؤ، الله مو خوشحاله وساته۔ والسلام۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی سردار بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: مهربانی جی۔ سپیکر صاحب، زه به شکریه ادا کوم ستا سو۔ سپیکر صاحب، زه د دې هاؤس په نوټس کښې يوه ډيره اهمه خبره راوستل غواړم۔ سپیکر صاحب، ستا سو دا کرسئی چې ده، د انتخاب نه مخکښې هم ما دا خبره د دې ټول هاؤس په نوټس کښې راوستې وه چې دا کرسئ چې ده، دا ډيره زياته غير جانبداره ده او دې کرسئی ته د بزنس رولز په ژبه کښې 'Custodian of the House' وائی۔ سپیکر صاحب، د لته ټول عمر روايات دا پاتې شوی دی چې کله به سپیکر د ملک نه بهر وو او خدائے مه کړه سپیکر صاحب به بيمار وو نو بيا به ډپټی سپیکر سيشن او اجلاس Preside کولو، نن د ريمه ورځ ده چې زمونږه سپیکر صاحب، منتخب، هغه دلته موجود دے، هغه بهر نه دے تلے، خدائے مه کړه هغه بيمار نه دے او ما چې دا خبره په اولنی اجلاس کښې کوله نو زما تحفظ وو او هغه تحفظ دا وو چې د دنيا په تاريخ کښې د سياسی جماعت د ومره لوئے عهديدار چې دے، چې هغه له دا منصب ورکړی، بې شکه د ورله ورکړی خو ما په هغه ټائم باندې دا خبره وکړه چې د هغې منصب نه د استعفیٰ ورکړی۔ سپیکر صاحب، دا ډيره زياته د افسوس خبره ده چې نن زمونږ سپیکر صاحب په صوابئ کښې خپل ورور ئے اليکشن ته ولاړ دے او د بجټ دا دومره اهم اجلاس روان دے، د دې نوی حکومت وړومبے اجلاس روان دے، مونږ د دې هاؤس په لويو مفادو کښې چې د هغوی په نظر کښې د هاؤس دا بزنس چې دے، دا اهميت نه لری او سپیکر د دنيا په تاريخ کښې په اولنی ځل باندې بهر دا سې Activities کوی، لکه د حکومت چې منسټر وی۔ لهذا سپیکر صاحب، د دې هاؤس په لويو مفادو کښې مونږه اپوزيشن دا فيصله کړې ده چې مونږه به ټوکن واک آؤټ وکړو ځکه چې دا خبره د هاؤس په مفادو کښې هم نه ده او د دې صوبې په مفادو کښې هم نه ده۔ سپیکر صاحب، ډيره زياته مهربانی۔

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

<u>جناب قربانی علی خان</u>: سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔ دا یو مسئله ده زمونږه Inside د پارلیمنټ، د یو څو ورځو نه زه ګرځم د دې خپل، ستاسو په دې Jurisdiction کښې نو یو خو زمونږ دا لاندې سټاف چې کوم دے، د دوئ یو مسئله ده، هرې کمرې ته چې زه لاړ شم د سټاف نو دې غریبانانو یو سټوپ ایښے وی، ورسره یو پیالئ وی، په هغې کښې بیا هغه روټئ پخیږی نو یو خو د دوئ دا یو Heavy request دے د Five six days نه خو اوس زه ډیر حیران شوم، په دې

زمونږ شا ته دا ډیر Corridor کښې ګرځیدم، ما ته ځان دا سې ښکاریدو، کچه هم ښکاریدو، زمونږ شا ته دا ډیر معزز Guests هم ناست دی And plus officials ناست دی او ښه ښه ګریډز والا دی نو دوئ ته هم د Refreshment هیڅ انتظام مونږ نه کوؤ۔ سحر نهه بجې نه دوئ آن دی او Till it`s now 2 (O`clock) نو I think چې It should be better چې مونږه دوئ ته څه یو کیفے ټیریا، دا سټاسو لاس کښې ده سر، دیکښې د بل چا څه دغه نشته، یو اجازت ورکړئ نو مونږ دا سټاف Plus officials, plus guests، دوئ به سټاسو۔۔۔۔۔

<u>محترمہ مہرتاج روغانی</u>: ورسره دا چې کوم د ممبرانو سره ډرائیورز او ګن مین راځی، هغوی ته هم تکلیف دے۔

<u>Mr. Qurban Ali Khan</u>: Yes, yes, yes, the drivers as well, for servants and for everyone, Sir.

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مونږه Already د دې د پاره ریکویسټ کړے دے، پراونشل ګورنمنټ لا په دې باندې څه دغه نه دے کړے خو بهرحال کوشش کوؤ ان شاء اللہ۔

<u>جناب قربان علی خان</u>: خو چې زړو شی۔ تهینک یو، تهینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: وبه شی، وبه شی۔ جناب محمد رشاد خان صاحب۔گزارش ہے کہ تھوڑا وقت کالحاظ رکھیں، پھر ان شاء اللہ وائنڈ اپ ہوگا۔

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر۔میری تو یہ خواہش تھی کہ موجودہ حکومت نے جو بجٹ پیش کیا ہے، اس پر تفصیلی بات کروں لیکن ٹائم کی کمی کی وجہ سے اور آپ کی طرف سے جو ہدایات ہیں اور اس پر ہفتہ اور اتوار کے دن بھی اجلاس کا منعقد کرنا ایسی چیزیں ہیں کہ مجھے لگ رہا ہے کہ بہت جلدی اس کو وائنڈ اپ کیا جائے گا، اس وجہ سے جناب سپیکر، میں مختصر الفاظ میں دو تین چیزیں آپ کے سامنے لانا چاہتا ہوں۔ موجودہ حکومت نے مالیاتی نظم و ضبط کو مؤثر بنانے کیلئے بجٹ کو تین حصوں میں فلاحی، ترقیاتی و انتظامی، مطلب ہے ایک دعویٰ کیا ہے کہ یہ تین حصوں میں ہم اس کو تقسیم کر رہے ہیں اور باالترتیب جو Ratio بتائی گئی ہے کہ آئندہ مالی سال کا بجٹ اور رواں مالی سال کے بجٹ کے درمیان جو Ratio

ہے، وہ 7% باالترتیب، 17% اور 14% یہ زیادہ ہے تو میرے خیال سے یہ خوش آئند ہے لیکن جس طرح یہ حکومت "وہ آگیا اور چھاگیا" کے نعرے پر بنی، بہت سی امیدیں ہیں کیونکہ تبدیلی کے نام پر آنے والی حکومت یہ نعرہ کسی کے پاس نہیں تھا، ہم بھی چاہتے ہیں، میرے حلقے کے لوگ بھی چاہتے ہیں، اپوزیشن بنچوں پر جو ممبران بیٹھے ہوئے ہیں، پوری قوم یہ چاہتی ہے کہ تبدیلی آئے لیکن بجٹ کو دیکھتے ہوئے یہ محسوس ہورہا ہے کہ یہ روایتی بجٹ جو کئی سالوں سے اس اسمبلی میں ہر سال پیش ہوتا رہا ہے، کئی چیلنجز کا سامنا ہے، بدامنی ہے، بے روزگاری ہے، مہنگائی ہے، لوڈشیڈنگ ہے۔ جناب سپیکر، پشاور میں ٹیکنیکل کالج کا قیام، صوابی میں میڈیکل کالج، میرے خیال سے یہ وہی طریقہ کار ہے، ہمیں امید تھی کہ یہ حکومت، وہ جو روایتی طریقہ کار چل رہا ہے، اس میں چینج لائے گی اور مجھے پورا یقین تھا کہ اس Concept پر عمل کیا جائے گا، جو بڑے بڑے منصوبے ہیں، ہسپتال ہیں یا کالجز یونیورسٹیاں ہیں، ان کو توجہ دی جانی چاہیئے تھی Periphery علاقوں کو تاکہ شہروں پر بوجھ کم ہو اور جو آجکل یہ نظام چل رہا ہے، مثال کے طور پر پشاور کی ٹریفک کا نظام اگر آپ دیکھ لیں، یہ سب اسی وجہ سے ہے کہ جو بڑے بڑے منصوبے ہیں، وہ ادھر لائے جاتے ہیں اور جو بنیادی مسئلہ ہے، پشاور میں ٹریفک کا نظام اس صوبے کے ماتھے پر ایک کلنک ہے، اس کو بالکل سراسر نظر انداز کردیا گیا ہے۔ جو منصوبے سامنے لائے گئے ہیں، میرا تو نہیں خیال، ایک پرسنٹ بھی مجھے امید نہیں ہے کہ آئندہ سال تک یہ بحران جو بنا ہوا ہے پشاور میں، یہ ختم ہوجائے گا۔ آپ کوئٹہ جائیں، کوئٹہ میں کشادہ سڑکیں ہیں۔ آپ لاہور جائیں، وہاں پر 11 سال کا ریکارڈ قلیل مدت میں جس طرح میرے ایک دوست نے ذکر کیا، قلیل مدت میں میٹرو بس کا سسٹم آیا ہوا ہے۔ آپ کراچی جائیں، وہاں پر فلائی اوورز، انڈر پاسز کی بھرمار ہے اور پشاور میں ہمارا یہ حال ہے کہ اگر مریض ہو، آفیسرز ہوں، عام غریب طبقہ ہو، جو بھی ہو، وہ ٹریفک میں گھنٹوں گھنٹوں پھنسے رہتے ہیں۔ اسمبلی کا اجلاس ہو تو پھر وہ ساری بددعائیں ہمیں ملتی ہیں تو میرے خیال سے سب سے زیادہ توجہ اس چیز پر دینی چاہیئے تھی۔ تبدیلی تب نظر آتی پوری، مطلب پورے صوبے کی نظریں ادھر لگی ہوئی ہیں اور یہاں پر کوئی ایسا منصوبہ نہیں آیا، وہی لفظی جو ہیر پھیر ہوتا رہا ہے، اسی کو استعمال کیا گیا۔ تو میری یہ گزارش ہے کہ اس بجٹ کو منظور کرنے سے پہلے برائے کرم ایسا کوئی منصوبہ شروع کیا جائے کیونکہ وزیر اعلیٰ صاحب نے شروع میں کہا تھا اپنی بجٹ سپیچ میں کہ پورے ملک میں لوگ، سرمایہ دار انتظار میں

کھڑے ہیں، ہماری حکومت کے انتظار میں ہیں کہ پیسہ آئے گا، Investment آئیگی، یہ ہوگا اور وہ ہوگا، تو ان سے بات کرنی چاہیئے۔ اس کیساتھ ساتھ اگر ایسی چیزیں، میں کسی ضلع پر تنقید نہیں کرنا چاہتا لیکن قدرتی آفات، اس کے بارے میں بچاؤ کیلئے بہترین منصوبوں کا اعلان کیا گیا ہے۔ 1122 ایک ادارہ قائم کیا جائے گا دو اضلاع میں، سوات کے میرے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، میرے والد صاحب کئی دفعہ ان کیساتھ اس اسمبلی کے ممبر رہے، تنقید کرنا میرا یہ نہیں ہے کہ وہاں کیوں ہو رہا ہے، یہاں کیا ہو رہا ہے؟ میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ یہ آفت کسے کہتے ہیں اور اس صوبے کے عوام کو اس سرزمین کو کن کن آفات کا سامنا ہے؟ اگر زلزلہ آیا تو 2005 کے تباہ کن زلزلے میں سب سے زیادہ تو شانگلا متاثر ہوا ہے، کوہستان متاثر ہوا، بٹگرام متاثر ہوا ہے، مانسہرہ متاثر ہوا ہے۔ اگر آفت سیلاب کو کہتے ہیں تو 2010 میں سیلاب آیا، وہ شانگلا سے آیا، وہ کوہستان سے آیا اور پورے ملک میں پھیل گیا اور ابھی تک ایسے گھر ہیں جناب سپیکر کہ وہ روز بروز گر رہے ہیں، Retaining walls نہیں ہیں، وہاں پر Suspension bridges نہیں ہیں، لوگوں کے آنے جانے کا راستہ سارا مطلب ہے اس پر ہے، پلوں کے ذریعے ہے، ابھی تک اس کی تعمیر نہیں ہوئی اور مجھے یہ یقین تھا کہ اس چیز پر توجہ دی جائیگی کیونکہ پچھلے سال بھی پچھلی حکومت نے 5 اضلاع کو نوازنے کیلئے پی اینڈ ڈی کا ایک سروے سامنے لایا گیا کہ پی اینڈ ڈی کے سروے کے مطابق یہ 5 اضلاع متاثر ہیں، یہ پسماندہ ترین ہیں۔ میں نے اس ٹائم بھی اسمبلی میں کہا تھا کہ پی اینڈ ڈی کے پاس کونسا پیمانہ ہے جس میں پسماندگی کو ماپتے ہیں، جس میں وہ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ وہ علاقہ پسماندہ ہے، یہاں یہ کام ہونا چاہیئے؟ اگر یہ سروے پی اینڈ ڈی نے کیا ہے، یہ دو منصوبوں کا جو اعلان کیا ہے، اگر یہ پی اینڈ ڈی نے کیا ہے تو ان سے پوچھنا چاہیئے کہ وہ کیوں ایسا غلط سروے کرتے ہیں؟ اگر پی ڈی ایم اے نے کیا ہے میرے خیال سے، میں نہیں سمجھتا کہ وہ ڈیزاسٹر منیجمنٹ پر مزید کام کرسکتے ہیں اور اگر یہ حکومت نے کیا ہے، تبدیلی کے نام پر آنے والی حکومت نے، تو یہ میرے خیال سے بہت افسوسناک بات ہے کیونکہ کل میرے دوست نے اچھی بات کی کہ یہ جو وسائل کی تقسیم ہے، یہ پسماندگی کی بنیاد پر ہونی چاہیئے۔ کیا شانگلا میں، یہ جو جنوبی اضلاع ہیں، جو دور دراز اضلاع ہیں، اگر ملاکنڈ ڈویژن، ہزارہ ڈویژن ہے، روڈز کی بات بار بار ہو رہی ہے، یہ بالکل سراسر نظر انداز ہوگئے، وہاں ایک لنک روڈ ایک مین روڈ ہوتا ہے،

مریض اگر آرہا ہے، اس اکیسویں صدی میں ہمارے علاقے کے لوگ مریض کو کندھوں پر چارپائیوں پر اٹھائے ہوئے روڈ پر آتے ہیں، وہاں سے پھر ہسپتال لے جاتے ہیں، مطلب ہے اتنی مشکلات ہوتی ہیں۔ اگر بچے ہیں، سکول کا ٹائم ہے، اگر 8 بجے ہیں تو وہ صبح نماز کے بعد گھر سے نکلتے ہیں، تو میرے خیال سے یہ روڈز کا جو منصوبہ بنایا گیا تھا، یہ ان علاقوں کو زیادہ توجہ دینی چاہیئے تھی۔ جناب سپیکر، میں اس چیز کی وضاحت کروں کہ تنقید کرنا جمہوری عمل کا ایک لازمی جز ہے کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت والے سمجھ رہے ہونگے کہ اپوزیشن تنقید کر رہی ہے، تنقید کر رہی ہے، یہ ایک لازمی جز ہے، یہ ہمیں کرنی ہے، ہم نے بتانا ہے آپ کو کہ آپ ادھر غلط سائڈ پر جا رہے ہیں اور آپ لوگوں کو یہ برداشت کرنا چاہیئے، آپ لوگوں نے اس تنقید کو برداشت کرنا اور اس پر عمل کرنا، یہ نہیں کہ ہم یہاں پر تنقید کریں اور ادھر سے آپ سن لیں اور بس Tick mark، تو ان شاء اللہ مجھے یقین ہے کہ جلد بازی میں ایسا کوئی فیصلہ نہیں ہوگا، جو تجاویز یہاں سے دی جا رہی ہیں، ان پر یقیناً عمل کیا جائیگا۔ جناب سپیکر، تعلیمی ایمرجنسی کے نفاذ کا اعلان کیا گیا، ایک بڑا پرکشش نعرہ بڑا زبردست قسم کا نام، میں اس دن اسمبلی میں نہیں تھا لیکن جب میں نے یہ نام سنا تو مجھے کافی خوشی ہوئی کیونکہ وہ پہلی والی بات کہ یہ حکومت کچھ کر کے دکھائے گی، ہمیں پچھلی حکومتوں سے کوئی گلہ نہیں ہے، ہم اسمبلی میں بیٹھے ہوئے تھے، ان کا ایجنڈا کیا تھا، ہمارا ایجنڈا کیا تھا، یہ سب کو پتہ ہے، ابھی جو حکومت آئی ہے، پورے صوبے کے عوام منتظر ہیں کہ کچھ تبدیلی لائیگی۔ تعلیمی ایمرجنسی کا لفظ استعمال کیا جارہا ہے اور 100 پرائمری سکولز دیئے جارہے ہیں، تعلیمی ایمرجنسی کا لفظ استعمال کیا جارہا ہے اور Wrong پوسٹوں پر ابھی بھی لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ابھی بھی چاہیئے یہ تھا، جو لگ رہا تھا کیونکہ ہم ہمیشہ یہ سنتے آرہے ہیں، جناب سپیکر! دو منٹ میں چاہونگا، یہ سنتے آرہے ہیں کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے کافی ہوم ورک کیا ہوا ہے پہلے سے، یہ حکومت میں بیٹھے گی اور تبدیلی آئیگی، تو کم از کم یہ تو ہونا چاہیئے تھا کہ ان پوسٹوں پر جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو ہٹائیں۔ اسی طرح مانیٹرنگ کا کوئی نظام نہیں ہے، اگر آپ صحت کی بات کریں، صحت کے منسٹر اس ٹائم موجود نہیں ہیں، ان کا تعلق میرے گاؤں سے ہے، وہاں سے بھی یہ الیکشن لڑے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ انہیں کافی اندازہ ہوگا شانگلا کی پسماندگی کا۔ اگر پورے صوبے کی بات کی جائے تو ہر یونین کونسل میں بی ایچ یو کا قیام بہت ضروری ہے۔ اگر آپ باہر کا نظام لانا چاہتے ہیں، باہر نہ جائیں،

لندن اور امریکہ جانے کی کیا ضرورت ہے؟ آپ پنجاب جائیں، وہاں پر دیکھیں ہر یو سی میں بی ایچ یوز بنے ہوئے ہیں، جہاں پر آبادی زیادہ ہے وہاں ڈسپنسری وغیرہ بنی ہوئی ہے۔ یہاں پر ہمارا یہ حال ہے کہ ایل آر ایچ میں جو ہماری ڈائیلاسز مشین ہے، وہ ہیپاٹائٹس پھیلانے کا باعث بن گئی ہے۔میں نے اخبار میں ایک فیچر پڑھا تھا، اس میں ایک لسٹ دی ہوئی تھی کہ اتنے اتنے لوگ اس وجہ سے موت کا شکار ہو گئے، ابھی تک انکوائری کیوں نہیں ہوئی؟ اگر ہوئی ہے تو کیا ہوا؟ میرے خیال میں ایوان میں لایا جائے اس چیز کو۔ اس کیساتھ ساتھ جناب سپیکر، جو ایڈہاک ڈاکٹرز ہیں، پچھلی حکومت میں ہم اپوزیشن میں تھے، میں نے اس کا شکریہ بھی ادا کیا تھا کہ جو ایڈہاک ڈاکٹرز لئے گئے تھے کیونکہ پسماندہ علاقوں میں ڈاکٹرز ڈیوٹی نہیں دیتے اور وہ لوگ جو وہاں پر ابھی تعینات ہیں، وہ ان علاقوں سے ہیں، ان U/Cs سے ہیں تو وہ ڈیوٹی دے رہے ہیں۔

اگر میں اپنے علاقے کی بات کروں تو میں ایک Appendix operation کیلئے دوسرے اضلاع، بٹگرام جانا پڑتا ہے، پشاور آنا پڑتا ہے، Appendix کی وجہ سے مریض مر جاتے ہیں، سرجن موجود نہیں ہے۔ تو میری یہ حکومت سے درخواست ہے کہ ایڈہاک ڈاکٹروں کو فی الفور ریگولر کیا جائے، (تالیاں)

پورے صوبے کے جو پسماندہ علاقے ہیں، ان کو یقیناً اس سے بہت زیادہ فائدہ پہنچے گا۔ بدامنی کے حوالے سے سر، میں اتنا کہنا چاہونگا، ابھی تک مختلف واقعات ہوئے ہیں، ممبران اسمبلی چلے گئے ہیں، کل پرسوں واقعات ہوئے، کوئی پالیسی ابھی تک سامنے نہیں آئی، کوئی کمیٹی بھی نہیں بنی، کوئی ایسا جرگہ بھی نہیں ہوا حکومت کے لیول پر، نہ تو ایسی بیٹھک ہوئی ہے کہ جس میں دیکھا جائے کہ کرنا کیا ہے؟ جناب سپیکر، اگر یہ چیز دیکھتے ہیں ہم، یہ پرسوں شوکت صاحب نے یہاں پر کہا کہ مرکز میں یہ کام حکومت کا ہے، ہم حکومت کو نہیں دیکھیں گے، ہماری مرکزی حکومت ہے، میں اس ایوان میں آن دی ریکارڈ یہ کہنا چاہتا ہوں، آپ فیصلہ کریں، آپ آئیں نیٹو سپلائی کے سامنے بیٹھیں، آپ ان سے ٹیکس کا فیصلہ کریں، اگر وہاں بیٹھنا ہے تو ہم آپ کیساتھ بیٹھیں گے بھرپور انداز میں، (تالیاں) ہم مرکزی حکومت کی نہیں مانیں گے، (تالیاں) ہم آپ کا مانیں گے جو آپ نے کرنا ہے صوبے کے بہترین مفاد کیلئے اور امن قائم کرنے کیلئے۔یہ جو فیصلے ہو رہے ہیں کہ مقبروں کیلئے جنگلے بنائے جائیں گے اور 200 روپے Pregnant خواتین کو یا کچھ پیسے ان خواتین کی بچیوں کو جو سکول جائیں گی، میرے خیال سے ان منصوبوں کو جس انداز میں پیش کیا جانا چاہیئے تھا، وہ نہیں ہوا۔تو میری یہ درخواست ہوگی کہ اس کو آپ سنجیدگی سے

دیکھیں کہ کرنی کیا چیز ہے؟ جناب سپیکر، ایک اور چیز، مزدور اور محنت کشوں کے فلاح و بہبود کی بات کی گئی اور کان کن، جو لوگ کام کرتے ہیں، کان کن حضرات کو سرے سے ہی نظر انداز کر دیا گیا۔ آپ دیکھ لیں اس صوبے میں سب سے زیادہ مزدور اس شعبے سے وابستہ ہیں، چاہے وہ اس صوبے کے اندر کام کر رہے ہوں، چاہے وہ فاٹا میں کام کر رہے ہوں، بلوچستان میں، اندرون سندھ میں، سب سے زیادہ مزدور اس صوبے سے ہیں۔ تو میرے خیال سے ضروری یہ تھا کہ اس کیلئے کوئی ادارہ قائم کیا جاتا، آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں، کبھی کان میں دھماکا ہوتا ہے، کبھی زہریلی گیس، اگر وہ جیئیں تو کیسے جیئیں اور اگر مرتے ہیں تو وہ PMDC نامی ایک ادارہ ہے، پتہ نہیں ان کی وہ جو حالت ہوتی ہے مرنے کے بعد، میرے خیال سے اس چیز کو سنجیدگی سے دیکھنا چاہیئے۔ آخر میں ایک چیز جناب سپیکر، کل شام تک حکومت کے ایک نمائندے نے تقریر کی اور وہ مکمل حکومت کے خلاف اور وہ مکمل جو بجٹ پیش کیا گیا، اس کے خلاف تھا۔ یہ اچھی بات ہے، میری یہ خواہش ہوگی کہ حکومتی ممبران کو بولنے کا موقع دیں، ان پر کوئی پابندی نہ لگائیں، وہ جو کچھ کہنا چاہتے ہیں، وہ اس ایوان میں کہیں اور اس کو سامنے رکھ کر آپ بجٹ میں کوئی تبدیلی کرنا چاہیں تو یہ صوبے کے عوام کیلئے بہت بہترین ہوگا۔ شکریہ آپ کا کہ آپ نے زیادہ ٹائم دیا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میں ایک بار پھر نہایت ادب سے گزارش کرتا ہوں کہ ٹائم کا بہت لحاظ رکھیں۔ آپ نے 25 منٹ لے لئے جی۔ میں محمد عصمت اللہ صاحب سے گزارش کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب محمد عصمت اللہ</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اَعُوذُ بِٱللَّهِ۔ وَأَقِيمُواْ ٱلۡوَزۡنَ بِٱلۡقِسۡطِ وَلَا تُخۡسِرُواْ ٱلۡمِيزَان۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيم۔

آہ! اس راز سے واقف ہے نہ ملا' نہ فقیہہ وحدت افکار کی بے وحدتِ کردار ہے خام

جناب سپیکر، میں بجٹ پر آنے سے پہلے عرض کرونگا کہ ہم سب نے اس ہاؤس میں حلف اٹھایا ہے اس ملک کے استحکام کا، اس ملک کی سلامتی کا اور اس ملک میں یکجہتی کا اور اسلامی نظریہ برقرار رکھنے کا اور ہم میں سے پھر کچھ حضرات جن میں میرے محترم وزیر خزانہ صاحب بھی شامل ہیں، انہوں نے وزیر کے طور پر حلف اٹھانے میں یہ حلف دہرایا ہے اور جناب سپیکر، میں

آپ کے سامنے، اس ہاؤس کے سامنے یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ مجھے خوشی ہے کہ میرے سینیئر منسٹر، وزیر خزانہ جناب سراج الحق صاحب نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو جو خلیفہ عدل سے موسوم ہیں، ان کو آئیڈیل قرار دیا ہے اور جناب والا، یہ وزارت خزانہ یہ دوسری وزارتوں سے اس کی کچھ اور، اور نرالی شان ہے اسلامی نقطہ نظر سے، اسلئے کہ اسی وزات کو سنت یوسفی بھی کہا جاتا ہے۔ جب مصر کے بادشاہ نے ایک خواب دیکھا، بڑا ڈراؤنا خواب تھا۔ اس خواب کی تعبیر میں کچھ سال ملک میں اچھے حالات آنا تھے اور اس سے آگے پھر کچھ سال ناگفتہ بہہ آنا تھے اور اس کی تعبیر حضرت یوسفؑ نے کرتے ہوئے، وہ ارشاد فرماتے ہیں، قرآن کریم میں ارشاد ہے کہ ٱجۡعَلۡنِی عَلَىٰ خَزَآئِنِ ٱلۡأَرۡضِۖ إِنِّی حَفِیظٌ عَلِیمٌ، آپ اس روئے زمین کے خزانوں کا بوجھ میرے کندھوں پر ڈالو، وزیر بناؤ، یہ 'وزر' سے ہے، (یعنی) بوجھ، خزانوں کا بوجھ مجھ پر ڈالو اسلئے کہ میں ان خزانوں کی حفاظت کا طریقہ کار بھی جانتا ہوں اور چونکہ علیم ہوں، امین بھی ہوں تو پھر ان ہی کے وسائل ان ہی لوگوں کے، ضرورتمندوں کی ضرورت کے مطابق تقسیم کرنے کا طریقہ بھی جانتاہوں۔تو ہم جناب سراج الحق صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ یہ ان کی سعادت میں دوسری دفعہ وزارت خزانہ ان کو مل رہی ہے لیکن جناب والا، اگر یہ حضرت عمر ؓ کو آئیڈیل قرار دیتے ہیں تو میں ان کے گوش گزار کرنا چاہونگا کہ آپ نے بہت اچھا کیا ہے، ہونا چاہیئے، مسلمان ممالک میں حضرت عمر ؓ آئیڈیل ہونا چاہیئے لیکن میں ان کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پھر آپ اپوزیشن کی تنقید سے ناراض بھی نہیں ہونگے اسلئے کہ حضرت عمرؓ خطبہ دے رہے تھے اور فرمایا کہ اگر میں سیدھا چلوں، میں انصاف کروں، میں عدل کروں تو آپ میری اطاعت کریں گے لیکن خدا نہ کرے، خدا نہ کرے اگر کجی آجائے تو پھر؟ تو اسی محفل سے، اسی مجمع سے ایک اعرابی اٹھتا ہے جناب سپیکر، اور فرماتا ہے۔(عربی) (ترجمہ): خدا کی قسم ہم عمرؓ کی کجی کو اپنی تلواروں کی دھار سے سیدھا کریں گے۔ تو جناب سپیکر، ہم جناب وزیر خزانہ صاحب سے یہ عرض کریں گے کہ آپ آئیڈیل حضرت عمر ؓ کو قرار دینے کے بعد اگر تلوار کی دھار سے ہم آپ کو سیدھا نہ کر سکیں تو زبان کی دھار سے سیدھا کرنے کی کوشش کریں گے تو آپ ناراض نہیں ہوں گے، اسلئے کہ اسی اعرابی کے کہنے پر حضرت عمر ؓ نے یہ نہیں کہا تھا کہ اس کو پکڑو، اس نے توہین کی ہے، اس کے خلاف انتقامی کارروائی کرو، حضرت عمر ؓ فرماتے ہیں جناب سپیکر، الحمدللہ الحمدللہ، خدا کا شکر ہے، خدا کا فضل ہے کہ عمرؓ کی رعیت میں بھی ایسے لوگ موجود ہیں کہ جو عمر ؓ کی کجی کو اپنی تلواروں

کی دھار سے سیدھا کر سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، لہٰذا یہ حزب اقتدار والے اگر کوئی بات، اگر کوئی کجی کی نشاندہی کرتا ہے تو مجھے یہ امید ہے کہ ان شاء اللہ ہمارے حکومتی ممبرز، وزراء حضرات اور بالخصوص ہمارے وزیر خزانہ صاحب اس کو بڑی خوشی سے مانیں گے اور اگر ان کو پتہ چلا کہ ہاں یہ مجھ سے لغزش ہوئی ہے، یہ مجھ سے غلطی ہوئی ہے تو وہ حضرت عمر ؓ کا پیروکار بن کر اس کا تدارک بھی کریں گے۔ جناب سپیکر، حضرت عمرؓ کا کردار ہے، وہ فرماتے ہیں **لو مات الکلب جوعاً علی شط الفرات لکان عمر عنه مسئولاً یوم القیامة**، اگر دریائے فرات کے کنارے کوئی کتا بھی بھوک سے مرتا ہے تو قیامت کے دن عمرؓ سے پوچھ ہوگی۔ جناب سپیکر، میں اپنے محترم وزیر خزانہ صاحب کے سامنے یہ بات بھی رکھنے کی کوشش کروں گا کہ یہاں تو آپ کیلئے مسئلہ بہت آسان ہے، تحریک انصاف کے پاس انصاف ہے اور آپ کے پاس ترازو ہے، (قہقہے/تالیاں) ان کے پاس انصاف تھا لیکن ترازو نہیں تھا تو وہ کمی بھی آپ نے پوری کر دی، اب آپ کو انصاف فراہم کرنے میں ان شاء اللہ اتنی زیادہ مشکل نہیں ہے۔ جناب والا، میں آپ کے یہ گوش گزار کرنا چاہتا ہوں اور وہ انصاف بھی کون دے گا، اب اور کب دے گا، 'اب نہیں تو کب، ہم نہیں تو کون' (تالیاں) لہٰذا فوری انصاف کے طور پر اس ملک کے عوام نے تحریک انصاف پر اعتماد کیا ہے۔ اس تمہید کے بعد اب میں آتا ہوں جناب سپیکر، ایک تو جناب سپیکر صاحب، ہمارے وزیر خزانہ صاحب کی تقریر ہے، اس تقریر میں جناب سپیکر، وہ فرماتے ہیں کہ ہمارے رہنماء اصول تین ہیں، مخلوط حکومت کا عوام کو پیغام ہے کہ ریاست مدینہ کا نظام مشعل راہ رہے گا۔ یہ انصاف بھی ہے اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کیلئے آپ کے پاس ترازو بھی ہے اور دوسرا ہماری مخلوط حکومت کی ترقیاتی ترجیحات کا محور تین رہنماء اصول ہوں گے، ایک غربت کا خاتمہ، محروم عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی اور پسماندہ اضلاع کو ترقی یافتہ اضلاع کے برابر لانا۔ تو جناب سپیکر، یہ ان کی بجٹ تقریر ہے اور بجٹ کی کاپی میرے جناب بھائی کے پاس ہے لیکن اس میں بہت بڑا فرق ہے اور جناب سپیکر، وہ اس طرح ہے کہ یہاں میرا ایک ساتھی یہ بھی کہتا ہے کہ یہ بجٹ ہمارے سرکاری لوگوں نے بنایا ہے، یہ اب آئے تھے، جلدی میں بن گیا ہے لیکن جناب سپیکر، بات سچ ہونی چاہیئے، بات سچ ہونی چاہیئے، **افضل الجہاد کلمة حق عند سلطان جائر**۔ جناب سپیکر، میں اس کیساتھ اتفاق نہیں کرتا ہوں کہ یہ بجٹ سرکاری لوگوں کا بجٹ ہے، اسلئے کہ اس بجٹ میں وہ منصوبے بھی شامل ہیں جو ہمارے جناب سپیکر صاحب نے

سپیکر شپ کے بعد ان کا اپنے حلقے میں اعلان کیا تھا، اس میں صوابی میڈیکل کالج ہے اور اس میں ویمن یونیورسٹی ہے، جو دونوں اس بجٹ کی کاپی میں موجود ہیں اور جناب والا، میں یہ کیسے تسلیم کروں کہ اس بجٹ سے سراج صاحب کو اندھیرے میں رکھ کر کہ یہ بجٹ انہوں نے بنایا ہے، اسلئے کہ اس بجٹ میں سراج صاحب کے حلقے میں تو روڈز موجود ہیں، اس میں ایک روڈ ہے (Tameer Mayar to Asmar road, Dir (Lower)، 28 کلومیٹر اور اس کیلئے 350 ملین رکھے گئے ہیں اور دوسرا Improvement and blacktopping, Mayar to Asmar road اور اس کیلئے بھی 100 ملین روپے رکھے گئے ہیں اور اس کے علاوہ جندول ایریا 10 کلومیٹر روڈ، ایریا جہاں بھی چاہیں ہمارے جناب وزیر خزانہ صاحب، اس کیلئے بھی 10 کلومیٹر روڈ ہے تو جناب والا، میں کس طرح اس کو انصاف کہوں؟ آپ موازنہ کریں جی دیر لوئر سے اور ایک ضلع میں، میں رہتا ہوں جس کا نام ضلع کوہستان ہے، ہاں اگر دیر لوئر میں روڈوں کی ضرورت ہے ضلع کوہستان سے جیسا کہ نام سے بھی پتہ چلتا ہے تو میں مانتا ہوں لیکن اگر ضرورت زیادہ نہیں ہے اور انہوں رکھا ہے اور یہ حضرت عمرؓ کو آئیڈیل قرار دے رہا ہے تو لہذا ان کو چاہیئے کہ اس اے ڈی پی میں تبدیلی لائیں (تالیاں) اور انہوں نے جو اپنی بجٹ تقریر میں کہا ہے کہ ہم پسماندہ اضلاع کو ترقی یافتہ اضلاع کے برابر لائیں گے۔ اگر ہمارے وزیر خزانہ کے قول اور فعل میں تضاد نہیں ہے تو اس کو پھر تبدیلی لانی چاہیئے۔ جناب سپیکر، ہم وسائل کی تقسیم اسی بنیاد پہ چاہتے ہیں کہ جہاں ہم دوسرے لوگوں سے مانگتے ہیں، وفاق سے اگر ہم آبادی کی بنیاد پر وسائل مانگتے ہیں، وفاق سے اگر ہم غربت کی بنیاد پر وسائل مانگتے ہیں، امن و امان کی بنیاد پر وسائل مانگتے ہیں تو وہ ترازو جو مانگنے کیلئے ہم نے رکھا ہے، اگر ہم دینے کیلئے کوئی اور ترازو استعمال کریں تو جناب سپیکر، (تالیاں) تو پھر "ہاتھی کے دانت کھانے کے اور، دکھانے کے اور" کی مثال بن جائے گی۔ (تالیاں

جناب سپیکر، میں آپ کی وساطت سے اپنے وزیر خزانہ صاحب سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ ہمیں بخدا آپ سے انصاف کی توقع ہے، آپ وزیر خزانہ ہیں، آپ یہ مت سوچیں کہ کوہستان سے جماعت اسلامی کو کوئی امیدوار کیوں نہیں ملا؟ یہ ہوتا رہتا ہے۔(قہقہے) اور دیر کے لوگوں نے جماعت اسلامی کو کیوں ووٹ دیا؟ اگر آپ انصاف کا ترازو اس کو رکھتے ہیں تو جناب

سپیکر، پھر حضرت عمر ؓ نے تو انسانوں سے آگے بڑھ کر حیوانوں کی بھی دیکھ بھال کی ذمہ داری اٹھائی تھی، تو آپ ہمیں ٹھیک ہے بالکل جماعت اسلامی کے دائرے سے نکالیں لیکن انسانوں کے دائرے سے ہمیں مت نکالیں۔ (تالیاں)

جناب سپیکر، میں اپنے وزیر خزانہ سے گزارش کروں گا کہ آپ کا احتساب ہم بھی کریں گے، آپ کے انصاف کا بھی احتساب ہم کریں گے کیونکہ آپ نے حضرت عمر ؓ کا نام استعمال کر کے ہمیں آسان بنا دیا ہے، ہمیں آسان بنا دیا ہے (تالیاں) اور تحریک انصاف نے انصاف کا نعرہ لگا کر اور پھر "اب نہیں تو کب، ہم نہیں تو کون" کہہ کر، دیواروں پر لکھ کر ہمیں آسان بنا دیا ہے۔(تالیاں)

جناب سپیکر، لہذا میری یہ استدعا ہے کہ جناب والا! اس پر نظر ثانی کی جائے کیونکہ یہاں کچھ اضلاع ترقی یافتہ ہیں، کچھ اضلاع ترقی پذیر ہیں، کچھ اضلاع پسماندہ ہیں اور کچھ اضلاع جناب سپیکر، پسماندہ ترین ہیں (واہ، واہ) اور پسماندہ ترین اضلاع میں تورغر اور کوہستان صرف دو اضلاع ہیں جہاں ابھی تک کسی قسم کا کوئی کالج نہیں ہے، کوئی ہسپتال نہیں ہے، ہر قسم کی سہولیات سے محروم ہیں۔ لہذا اگر آپ غربت کے خلاف جنگ چاہتے ہیں، اگر آپ تعلیم عام کرنے کے حوالے سے وہاں جنگ چاہتے ہیں تو آپ کیلئے ایک وسیع میدان کوہستان اور تورغر میں موجود ہے، لہذا اگر آپ نے اس کو نظر انداز کیا تو ہم ظلم کو انصاف نہیں کہہ سکتے ہیں جناب سپیکر، ہم زیادتی کو انصاف نہیں کہہ سکتے ہیں جناب سپیکر اور ہم آج کل، جناب سپیکر! آخری بات، آج کل کوہستان کو آپ ایسا مت سمجھیں جو پہلے تھا، جناب سپیکر، آج کوہستان پاکستان کی شہ رگ بن چکی ہے، آپ کی شاہراہ قراقرم وہاں سے گزرتی ہے، آپ کا بھاشا ڈیم وہاں پر واقع ہے، آپ کا داسو ڈیم وہاں پر واقع ہے، آپ کا دبیر پٹن منصوبہ وہاں شروع ہے، کیال پٹن منصوبہ وہاں شروع ہے، لوئر سپٹ گاہ وہاں شروع ہے اور اس طرح لوئر پالس بھی وہاں ہے۔تو جناب سپیکر، میں اپنے وزیر خزانہ کو بتانا چاہتا ہوں کہ ایسا نہ ہو کہ کوہستان بلوچستان بن جائے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، ایسا نہ ہو کہ کوہستان وزیرستان بن جائے، (تالیاں) ایسا نہ ہو کہ آپ کے اس زور اور ظلم اور ناانصافی کی وجہ سے وہ لوگ اٹھ کھڑے ہوں اور پھر آپ کیلئے بد امنی کا ایک اور محاذ کھل جائے۔(تالیاں) یہ میں اسلئے کہتا ہوں جناب سپیکر کہ کفر کی حکومت تو برداشت کی جاسکتی ہے لیکن ظلم کی حکومت کو

برداشت نہیں کیا جا سکتا، (تالیاں) لہذا میری آخری درخواست ہوگی کہ اس بجٹ کو اپنی تقریر کے مطابق بنائیں اور اگر آپ نے اس کے مطابق نہ بنایا تو یہ کوہستان کیساتھ بالخصوص سراسر زیادتی ہے، میں اس کو ظلم تصور کرتا ہوں، اس کو میں ناانصافی تصور کرتا ہوں اور بجٹ کی یہ کاپی جماعت اسلامی اور تحریک انصاف کی حکومت کے ماتھے پر بدنما داغ ہے (تالیاں)

اور اس بجٹ کی کاپی کو جناب سپیکر، میں ٹشو پیپر تو نہیں کہہ سکتا ہوں لیکن عام پیپر اور اس بجٹ کاپی کے درمیان مجھے کوئی فرق نہیں ہے اور کوہستان کیساتھ جناب وزیر خزانہ صاحب کی اس زیادتی کی بنیاد پر میں علامتی واک آؤٹ کرتا ہوں۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَـٰلَمِينَ۔

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر جناب محمد عصمت اللہ، رکن اسمبلی ایوان سے علامتی واک آؤٹ کر گئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی محترمہ ڈاکٹر مہر تاج روغانی صاحبہ، مہر تاج روغانی صاحبہ۔

ڈاکٹر مہر تاج روغانی {معاون خصوصی(سماجی بہبود)}: جناب سپیکر صاحب! 'سوری' میں تو، یہ Out of space ہوگا، (تالیاں) I did not want comment, I did not want question, I did not want suggestion، میں صرف ایک بات کرنا چاہتی تھی، وہ آج کے اس میں ٹھیک نہیں جائے گا، کل ٹھیک تھا اگر میں کرتی، وہ صرف ایک بات ہے، وہ یہ ہے کہ جب اپوزیشن میں لیڈر آف اپوزیشن نے بہت اچھی تقریر کی، Attention, please، جب انہوں نے یعنی لیڈر آف اپوزیشن نے ایک ایک پوائنٹ Threadbare discuss کیا ہمارے بجٹ پہ، اس کے بعد بابک صاحب نے بہت، اینڈ وہ نہیں ہیں، ___نزہت صاحبہ-----

اراکین: نگہت صاحبہ۔

معاون خصوصی(سماجی بہبود): نگہت صاحبہ، لیکن After that what happened? one after the other, one after the other, revolving the same thing, again and again and again, honestly, towards the end of the day, مجھے Yesterday, I felt like vomiting and nausea، مجھے بجٹ سے نفرت ہوگئی کہ خدایا! وہی باتیں بار بار، Yes آج I agree کہ چیزیں نئی ہوئی ہیں، آج Constructive policies پہ، ہم Definitely ان کو لیتے ہیں۔ تنقید برائے تنقید نہیں ہونی چاہیئے، کچھ تنقیدیں ایسی ہیں We will certainly accept it جیسے آج بہت اچھے پوائنٹس آئے ہیں ((تالیاں) لیکن پلیز بعض باتیں ایسی ہیں کہ Repetition نہ ہو، Time is very precious، میں ایک ڈاکٹر ہوں، میں سوچ رہی تھی کل کہ خدایا! یہ چار دن میں کتنے مریض دیکھ سکتی تھی، میں کتنے، 'سوری' آپ ہنسیں گے، میں کہوں گی کہ میں کتنے پیسے کما سکتی تھی، یہ میں کہاں آگئی ہوں؟ It`s wastage of time، مجھے تو یہ لگ رہا ہے، Please repetition-----

(شور)

Special Assistance (Social Welfare): Please - - - - -

(Interruption)

معاون خصوصی(سماجی بہبود): نہیں نہیں Just سنیں۔ Let me finish then you can have-----

(Interruption)

معاون خصوصی(سماجی بہبود): نزہت-----

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

Special Assistance (Social Welfare): Nighat! Let me finish and then you can say whatever you want. What I am saying - - - - -

(Pandemonium)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ انہیں موقع دیدیں، سننے کی ذرا جو ہے تو، انہیں سنیں جی۔

(شور/قطع کلامیاں)

معاون خصوصی (سماجی بہبود): نہ نہ خیر ہے، What I am saying کہ Please repetition بہت زیادہ نہ ہو، We all are educated people and when you say something, honest to God, I have written each and every speech of yours, but I am waiting for Siraj Sahib, he will be answering you. In case کوئی Point miss ہو گیا تو ہم کہہ دیں گے۔ میرا یہ پوائنٹ نہیں ہے کہ ضائع ہے، میں نے کہا کہ پہلے دن کی سپیچز میں ہم نے وہ سارا سن لیا تو پلیز بہت Repetition نہ ہو، میری یہی ریکویسٹ تھی اور یہ میں کل کہنا چاہتی تھی لیکن سپیکر صاحب جو ہیں ٹریژری بنچز کو، ٹھیک ہے خیر ہے نہ دیں ٹائم، اپوزیشن کو زیادہ ٹائم دیں، We like that کہ آپ لوگوں کو زیادہ وقت دیں۔ شکریہ، Thank you very much۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محترمہ نجمہ شاہین صاحبہ۔

محترمہ نجمہ شاہین: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ سب سے پہلے اللہ رب العزت کی بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے یہ موقع فراہم کیا اور عزت کا مقام دیا۔ اس کے بعد سپیکر صاحب، میں آپ کی بہت مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا۔ جناب سپیکر صاحب، یہ جو بجٹ پیش کیا گیا ہے، عوام کو اس بجٹ سے بہت سی توقعات تھیں کیونکہ ہمارے مسائل بہت زیادہ ہیں بلکہ ایک بڑے سے بڑے لیڈر سے لیکر ایک عام مزدور تک مسائل کے جال میں پھنسا ہوا ہے۔ جناب سپیکر، اس کے مقابلے میں یہ بجٹ بہت کم ہے اور جناب سپیکر صاحب، جیسا کہ ہمارے بہت سے ممبران اس بات کو پیش کر چکے ہیں کہ ہمارے KPK کا سب سے بڑا مسئلہ بدامنی اور دہشتگردی ہے۔ ہم اس وقت تک ترقی کی طرف گامزن نہیں ہو سکتے، ہم اس وقت تک ترقی اور تعلیم کی طرف گامزن نہیں ہو سکتے اور ہمارا کوئی منصوبہ بھی اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا جب تک کہ ہم ان سارے مسئلوں کا، یعنی اس دہشتگردی کا قلع قمع نہیں کرتے۔ جناب سپیکر صاحب، صوبے کے تمام تر وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے اور ان مسائل کو حل کرنا چاہیئے

جن میں مذہبی، انسانی اور مالی مسائل سر فہرست ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ہم کامیابی کے ان قدموں کو چھو سکتے ہیں جب ہم اس ملک میں امن کو قائم کر سکیں گے۔ جناب سپیکر صاحب، آپ اور ایوان کے علم میں یہ بات ضرور ہے کہ ہمارے پورے صوبے میں قدرتی ذخائر موجود ہیں خاصکر کوہاٹ ڈویژن میں، کہ جس میں تیل، گیس جپسم، پتھر، یورینیم اور نمک جس سے حکومت کو ریونیو ٹیکس حاصل ہوتا ہے اور صرف کوہاٹ کا 10 فیصد حصہ، 10 فیصد رائلٹی، تخمینہ جوکہ 2 ارب 50 کروڑ ہوتا ہے، اس صوبے سے نکلنے والی معدنیات کو اگر اسی علاقے پر لگایا جانا لازمی بنایا جائے تو شاید ہم ان مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔جناب سپیکر صاحب، پورے صوبے کے عوام کے مسائل ایک ہی ہیں، تعلیم، صحت، صاف پانی اور بجلی۔ میں خاصکر کوہاٹ جہاں پچھلے 10 سالوں میں کوئی ترقیاتی کام حکومت نہیں کیا، اس کے حوالے سے بات کرنا چاہتی ہوں کہ جہاں ہاسپٹل، لیاقت ہاسپٹل، چلڈرن ویمن ہاسپٹل، ایمرجنسی اور لیاقت ہاسپٹل جوکہ کوہاٹ بازار کی پارکنگ بنا دیئے گئے ہیں، اس کے حوالے سے بات کرنا چاہتی ہوں کہ جہاں دور دراز کے علاقوں سے جیسے ہنگو، شکر درہ وغیرہ کے لوگ آتے ہیں، جہاں نہ جنریٹر کیلئے تیل میسر ہوتا ہے اور نہ، وہاں پر ایمرجنسی میں دیکھا جائے تو گندگی کے ڈھیر ہوتے ہیں اور مشینری کوئی میسر نہیں ہوتی اور مریضوں کو کے ڈی اے ہاسپٹل ریفر کر دیا جاتا ہے اور جو مریض غریب ہیں کیونکہ امیر کی Approach تو پرائیویٹ ہاسپٹل میں ہو سکتی ہے لیکن جو غریب عوام ہیں، وہ کے ڈی اے پہنچ کر پشاور ریفر کر دیئے جاتے ہیں کیونکہ وہاں تو صرف بلڈنگ موجود ہے اور اس کے علاوہ کوئی Facility، عملہ یا مشینری موجود نہیں ہوتی۔تو جناب سپیکر صاحب، میں اس میں آپ سے درخواست کرتی ہوں کہ اس پر خاص توجہ دی جائے۔ جناب سپیکر صاحب، ایجوکیشن کے حوالے سے جو بجٹ پیش کیا گیا ہے، شاید کہ یہ کافی ہو، اگر اس کو ایمانداری کیساتھ استعمال کیا جائے، چونکہ خواندگی یا تعلیم اس KPK کا سب سے بڑا اور اہم مسئلہ ہے اور خاصکر میں خواتین کے حوالے سے بات کرنا چاہتی ہوں کہ ایک عورت جس کو بچوں کی پرورش کرنا ہوتی ہے، اس کیلئے تعلیم نہایت ضروری ہے کیونکہ کہا جاتا ہے کہ ماں کی گود ایک بہترین مدرسہ ہے، اس میں بچوں کی تربیت کرنا ہوتی ہے اسلئے امیر لوگ تو تعلیم کی Facility حاصل کر سکتے ہیں لیکن غریب، غرباء کیلئے سارے جو سکولز قائم ہیں سرکاری،

ان کو وہی درجہ اور مقام دیا جائے جوکہ آج سے 30، 40 سال پہلے تھا کہ جس سے ہمارے بڑے بڑے ڈاکٹرز، انجینئرز اور آپ جیسے لوگ پڑھ کر نکلے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، موجودہ حکومت کو اس بجٹ کو سامنے رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے کیونکہ جناب سپیکر صاحب، ان کا نعرہ یہی ہے کہ "نیا پاکستان بنانا ہے" اور ان کے سامنے KPK کا صوبہ ہے اور انہوں نے اس کو نیا بنانا ہے۔ عوام نے صوبائی حکومت کو منتخب تو کیا ہے، اب سارے عوام کی امیدیں ان سے وابسطہ ہیں اور امید کرتے ہیں کہ یہ توقعات پر پورا اتریں گے۔ جناب سپیکر صاحب، میں مختصر تجاویز کیساتھ اپنی تقریر ختم کرتی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ جی۔ مفتی فضل غفور صاحب سے گزارش ہے کہ وہ، مفتی فضل غفور صاحب۔

(تالیاں)

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جی۔ جناب سپیکر، زه ستاسو انتهائی شکریه ادا کوم چې په دغه معزز ایوان کښې ما ته د بجټ سپیچ په حواله باندې د خپلو خبرو شیئر کولو موقع تاسو په لاس باندې راکړله۔ جناب سپیکر، زمونږ فنانس منسټر معزز جناب سراج الحق صاحب چې کله د خپل تقریر آغاز کولو، د بجټ تقریر نو په هغې کښې ئے فرمائیلی وو چې د مدینه منوره اسلامی ریاست به زمونږ د پاره د یو ماډل سټیټ په حیثیت باندې وی۔ د هر یو اسلامی ریاست بنیاد په دوه څیزونو باندې وی۔ ابرهیمؑ چې کله د الله د کور ورمبنئ ګټه کیښودله او هلته د یو معاشرې او د یو ریاست د قیام آغاز ئے وکړو، د الله نه ئے د دوه خبرې وغوښتلې رَبِّ ٱجۡعَلۡ هَـٰذَا بَلَدًا ءَامِنً۬ا وَٱرۡزُقۡ أَهۡلَهُ ۥ مِنَ ٱلثَّمَرَٲتِ، خدایا دغه ښار امن والا جوړ کړې، د دغې ښار وسیدنکی خلقو ته د ژوند بهترینې میوې ورنصیب کړې۔ د یو اسلامی ریاست دوه بنیادی صفات په دغه ځائے کښې الله رب العالمین دنیائے انسانیت ته پریښودل۔ د ټولو نه ورمبنئ خبره د امن عامه او دویمه خبره د خوشحال معشیت، بهترین اقتصادیات۔ نن ډیرې لوئے بدقسمتئ سره زمونږ او ستاسو دغه وطن عزیز دې سره مخامخ دے۔ په دغه خطه باندې چې کوم یو هم سپر پاور د زور آزمائی آغاز کوی، که برطانیه راغلې وه په دغه خطه باندې ئے اټیک

کړے وو، رشیا، سویت یونین خپل پنجه آزمائی او زور آزمائی په دغه خطه باندې کړې وه او بیا چې کله امریکه، چې هغوی اعلان وکړو، برسرعام ئے اعلان وکړو، وئیل ئے "No one can prevent us to become world leader"، ہمیں دنیا کی حکمرانی سے کوئی بھی نہیں روک سکتا او په دغه خطه باندې ئے حمله وکړله۔ زمونږ د بدقسمتئ نه یوه طبقه همیش د پاره د بین الاقوامی مفاداتو د پاره خپل وطنی مفادات قربانوی او د دغې اصولو پیش نظر هم هغه طبقه بیا "چڑھتے سورج کے پجاری" په طور باندې د هغوی د وړاندې سجده ریز شوله۔ زمونږ د ملک پالیسئ ئے 'هائی جیک' کړلې او د هغې پالیسو په نتیجه کښې نن د غه خطه د امن په ځائے باندې د جنګ یو سماں پیش کوی۔ دلته خلق مړه کیږی، وجه ئے نه ده معلومه۔ په مختلفو لباسونو کښې، په مختلف یونیفارمز کښې، په مختلفو شکلونو کښې، نه قاتل ته دا پته شته چې زه ولې خلق وژنم، نه مقتول ته دا پته شته چې ما خلق ولې وژنی؟ د دغې جنګ په دلدل کښې دغه قام چې کوم پهنساؤ شوے دے جناب سپیکر، دا یواځې د دې حکومت نه، دا زمونږ او ستاسو د اپوزیشن او د دې حکومت مشترکه ذمه داری ده چې په دغه حواله باندې په ټهنډې دل و دماغ سره کښینی او په دې باندې سوچ وکړی او بیا جناب سپیکر، په دغه حواله باندې په 2008 کښې متفقه قرارداد ونه د قومی اسمبلئ او د سینټ موجود دی چې د ملک په پالیسو باندې د نظرثانی وکړلې شی خو د بدقسمتئ نه زمونږ په ملک کښې په ظاهره باندې خو برسراقتدار طبقه یوه ښکاریږی خو د دننه نه چې کوم Powerful بااختیاره طبقه ده، هغه بله ده۔ زمونږ حکمرانانو د دغې عوامی اسمبلو، د دغې عوامی مینډیټ، د دغې عوامو اسمبلو، د دغې عوامی نمائندګانو هغه متفقه قرارداد ونه په دغه ملک کښې Implement نه کړلې شو، دا زمونږ او ستاسو د پاره د ډیر لوئے افسوس خبره ده، لهذا پکار دا ده، مونږ به د الیکشن په دوران کښې دا اوریدل چې "Now or never"، "ابھی یا کبھی نہیں" اوس یا هیڅ وخت هم نه، زما په خیال پکار دا ده چې دغه نعره مونږه عملی کړو، یو مشترکه حکمت عملی، یو مشترکه جدوجهد د پاره مونږ دغې قام ته ورکړو او زما په خیال باندې۔۔۔۔۔

اراکین: دا خوجي په امن وامان باندې لګیا دے ، په بجټ باندې د را شي۔

جناب ډپټي سپیکر: د بجټ حوالې سره که تاسو تجاویز ورکوئ۔۔۔۔۔

مولانا مفتي فضل غفور: زما په خیال باندې جي امن، امن عامه دا زمونږ د بجټ د Implementation د پاره د ټولو نه وړمبنې، هغه Basic او یو بنیادي څیز دے نو زما رائے په دې یکښې دا ده چې زمونږ په ملاکنډ ډویژن په قبائیلي سیمو کښې چې دا کومې آپریشنې شروع دي او په هغې سره عام خلق د کومو ستونځو او مشکلات سره سره مخامخ دي، پکار دا ده چې زمونږ کوم سویلین، زمونږ چې کوم سول لاء اینډ آرډر ایجنسیز دي او فورسز دي، د هغوی د ومره جهادي تربیت وکړلې شي، هغه د ومره Enforce کړلې شي چې هغه د ایمرجنسي نه د وتلو د پاره جوګه شي او د هغې علاقې او د هغې قام د عزت او د روایاتو خیال وساتي۔ جناب سپیکر، د کوم حده پورې د خوشحال معیشت خبره ده نو درې Pillars، درې ستنې د هر یو معیشت بنیادي د هغې بنیاد وي، یو په هغې کښې صنعت و حرفت دے ، دویم په هغې کښې زراعت دے او دریم په هغې کښې تجارت دے ۔ زمونږ په بجټ کښې بیشکه چې په دغه درې حوالو باندې خبرې خوشته او د عملي اقداماتو به په راروان وخت کښې پته لګي او زما په خیال باندې اوس وخت دا سې دے چې مونږ له د روایتي سیاست نه وتل پکار دي، دا هم نه ده پکار چې اپوزیشن بنچونو کښې ناست زمونږ ورونه د حکومت په هر اقدام باندې مخالفت وکړي، دا هم نه ده پکار چې په ټریژري بنچز باندې او په حکومتي بنچز باندې ناست خلق د د حکومت په خامو، په کوتاهو باندې سترګې پټې کړي بلکه پکار دا ده چې د هر ښه کار د ستائنه وکړلې شي او د هر بد کار د غندنه وکړلې شي، نو زه په دغې حواله باندې یو څو تجاویز ستاسو به وړاندې ایږدم۔ په صنعت و حرفت کښې د ټولو نه بنیادي کردار دا معدنیات ادا کوي او دا زمونږ خوش قسمتي ده، We have a lot of mineral resources, we have a lot of natural resources، دلته د قدرتي وسائلو کمے نشته، دلته د معدنیاتو کمے نشته، بد قسمتي دا ده، دلته Mismanagement دے ، دلته ښه Management نشته، دلته هر معدنیات په صحیح طریقې سره رااوباسلې کیږي نه، دلته هغه مخکښې د پروډکشن د پاره او د څیزونو تیارولو د پاره Forward

کیږی نه، لهٰذا زما رائے دا ده چې په کوم ځائے کښې هم Raw materials دی، هلته د په هغه ځائے کښې د هغې د کارآمد کولو د پاره او د هغې د فائدې او د منافع بخش جوړولو د پاره د سوچ وکړلے شی او په دې باندې د باقاعده هغه Think tanks کښېنولے شی او ورسره ورسره دا زه منم جی چې په بونیر کښې د ماربل سټی قیام د صوبائی حکومت د طرف نه په بجټ کښې خوش آئند دے او دا ډیره بهتره خبره ده خو د دې د پاره چې په وړومبنی کال کښې کومې پیسې، کوم رقم کیښنودلے شوے دے نو زما په خیال باندې چې په دې سره خو به Land purchase هم ونکړلے شی، بهتر دا ده چې د دې دا Cost د لږ سیوا کړلے شی۔ ورسره ورسره بونیر کښې د ماربلو یو ډیر لوئے بزنس شروع دے، په دغه غرونو کښې د Explosives او د بارودو په استعمال سره جناب سپیکر، کورونه Damage کیږی، هسپتالونه Damage کیږی، سکولونه Damage کیږی، روډونه Damage کیږی، لهٰذا جدید ټیکنالوجی د بروئے کار راوستلې شی او د دغه خلقو ته د هلته Provide کړلې شی۔ ورسره ورسره جناب سپیکر! چې څومره هم د هغې ځائے نه حکومت ته آمدنی راځی، د رائلټی په شکل کښې راځی یا چې څومره هم هلته خلق په روزګار باندې لګیدلی دی یا هلته چې د دغې ماربلو په درنګونو کښې څومره هم دا هیوی مشینریانې استعمالیږی، بلډوزرز استعمالیږی، لوډرز استعمالیږی، Excavators استعمالیږی او په هغې کښې بیا د هغې سره مناسب ډیزل خرچ کیږی، پټرول خرچ کیږی، خلق په کار باندې لګیدلی دی، د هغې سره سره پکار دا ده چې Facilities هم هغوی ته، دغه علاقې ته د هغې مناسب ورکړلې شی، څومره چې د هغې نه حکومت ته هغه آمدنی دا ترینه راځی۔ جناب سپیکر، د صحت په حواله باندې زما څو تجاویز دی۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: لږ د ټائم خیال ساتئ، ټائم کم دے جی۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: خیر دے جی، زه به یو دوه نور واخلم۔ محترم جناب سپیکر، د لوډ شیډنګ مسئله، دا ټهیک ده چې د ټولو خلقو د پاره دا د عذاب باعث دے او بالخصوص په هسپتالونه کښې چې کوم مریضان پراته وی، د هغوی د پاره ډیر لوئے تکلیف او ډیر لوئے عذاب د دې نه جوړ شوے دے۔ زما تجویز به دا وی،

پکار خو دا وه چې زمونږ منسټر حضرات تهٔ ولو د لته تشریف کیښود لے چې د چا څه قسم تجویز هم هغوی د منسټرئ متعلق ور کولے چې هغوی په هغې باندې غور کولے او د ځان سره ئے نوټ کولے خو بهرحال زما دا تجویز دے چې د چار کول چارجز په نوم باندې مختلف ډیپارټمنټس ته کوم فنډز ور کولی کیږی نو هغه انتهائی په بوګس طریقو باندې د هغې بلونه راا وځی حالانکه سروتړکې به ژمی کښې هیڅوک هم په خپلو دفاترو کښې نه استعمالوی۔ اوس هم چې زه راتلم، زمونږ ډی ایچ او ما سره خبرې کولې نو ما ته ئے د غه خبره وکړله چې تاسو دا تجویز ورکړئ چې د غه چارکول چارجز د ختم کړلې شی ځکه چې د هغې استعمال نه کیږی نو د دې څه فائده نشته، البته دا ده چې خلق د دې د بوګس بلونو جوړولو د پاره مختلف قسم حیلې بهانې جوړوی، د د غې په ځائے باندې په هسپتالونو کښې چې څومره جنریټرې پرتې دی، د هغې د پاره د ډیزل وغیره په د غه مد کښې، په د غه مد کښې هغه فنډ منظور کړلے شی نو دا به ډیره زیاته بهتره خبره وی۔ ورسره ورسره جی چې څومره د هسپتالونو اپ ګریډیشن کیږی نو بیا د هغې په Running، د هغې چې کوم Running cost دے، په هغې Running cost کښې د هم ورسره ورسره اضافه وکړلې شی ځکه ظاهره خبره ده چې کله سټاف سیوا شی، بلډنګ سیوا شی، بیا د هغې سره سره اخراجات وغیره هم سیوا کیږی نو دا تجویز دے۔ په بونیر کښې تقریباً ساڑھے نو سے لیکر دس لاکھ تک آبادی ده، په یو هسپتال باندې Depend ده او هغه هسپتال چې اپ ګریډ شوے دے د 'کیټیګری سی' نه 'کیټیګری بی' ته، تر نن تاریخ پورې په هغې کښې سټاف پوره نکړلے شو نو زما په خیال باندې پکار خو دا ده چې په د غه عظیمه آبادئ باندې 'کیټیګری اے' هسپتال د بونیر ته Provide کړلے شی ځکه زمونږ سره په ګاؤنډ کښې د صوابئ ضلع ده، په صوابئ ضلع کښې 16 لاکھ آبادی ده، د د غې 16 لاکھ د پاره 'کیټیګری اے' هاسپټل هم شته او ډسټرکټ هاسپټل هم شته، پکار دا ده چې که ډسټرکټ هاسپټل مونږ سره نه وی په بونیر کښې نو چې 'کیټیګری اے' هاسپټل خو د خامخا Provide کړلے شی۔ ورسره ورسره د دې هسپتالونه د پاره د ریکروټمنټ یا د هغوی د فنډ په مد کښې، د Repair په مد کښې د باقاعده فنډز کیښود لې شی او د دې سره سره زمونږ د آر ایچ سی 'جوړ' هسپتال چې کوم دے، په هغې کښې هم د مرمت زیات ضرورت دے، لهذا په د غه

باندې د غور وکړلے شي۔ نور د تعليم وغيره متعلق هم څه تجاويز شته خو چونکه تاسو وايئ ختم دے، بار بار مو درخواست وکړو، لهذا زه خپل تقرير په دغه باندې ختمول غواړم۔ وآخِرُ الدَّعْوَانا أَنِ ٱلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلْعَٰلَمِينَ۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: سمیع اللہ علیزئی صاحب۔

(تالیاں)

جناب سمیع اللہ: بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، میں بڑا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا اور ایوان میں کافی ساری تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ میں اپنے ڈسٹرکٹ سے متعلق ایک دو تجاویز اپنے بزرگ وزیر خزانہ صاحب کو لازمی پیش کرنا چاہونگا کہ سر، ہمارا تقریباً 2 لاکھ 86 ہزار ایکڑ کا جو رقبہ ہے جس میں ایک طرف چشمہ رائٹ بنک کینال آگیا ہے اور دوسری طرف گومل زام ڈیم آگیا ہے جس کے اندر آپ کے رودکوہی کے جو Water rights تھے، وہ ان کے سارے کے سارے ختم ہوگئے ہیں، تو ان کا واحد جو حل ہے That is Lift Canal اور اس صوبے کا جو پانی ہے، 2700 کیوسک جو کہ 1991 کے Water accord کے مطابق، جب سے وہ Accord بنا ہے تو وہ صرف اور صرف Use ہی ڈی آئی خان میں ہوسکتا ہے۔ الحمدللہ ڈی آئی خان جو ہے، وہ تین صوبوں کے سنگم کے اوپر واقع ہے اور یہ ہماری فوڈ باسکٹ ہے تو میری آپ سے یہ گزارش ہے کہ جس طرح، آج نیوز میں بھی آیا ہوا تھا اور لودھی صاحب سے بھی میری بات ہوئی تو انہوں نے کہا کہ ہم گندم پنجاب سے بھی Procure کریں گے، تو اگر آپ ایسے منصوبے، چونکہ فلاحی منصوبے ہیں اور جن کیساتھ عوام کا روزگار جڑا ہوا ہے، چونکہ ایگریکلچر سب سے زیادہ Employement generation کا سیکٹر ہے، خاصکر یہ جو دہشت گردی ہے یا اس معاملے میں بھی دیکھیں کہ اگر ہم ان لوگوں کو بندوق کی جگہ ہل چلانے کیلئے کہدیں یا ہل چلانے کیلئے مواقع فراہم کردیں تو دہشت گردی بھی کم ہوجائے گی اور الحمدللہ ہمارا جو ڈسٹرکٹ ہے، اس کیلئے بھی بہت بہتری ہوجائے گی اور پراونس کیلئے بھی بہت بہتری ہوجائے گی۔ تو جناب والا، تقریباً اس سیزن کے اندر شوگر 'کین' کے سیزن کے اندر 5 ارب روپے کی Payment شوگر ملز نے

ہمارے Farmers کو کی ہے اور یہ واحد ضلع ہے پورے خیبر پختونخوا کا جس کے اندر چار شوگر ملز ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ، میں پچھلی اسمبلی کے اندر انڈسٹریل منسٹر بھی تھا تو بنوں شوگر مل کو بھی، کیونکہ بنوں میں اتنا گنا نہیں ہوتا، اس کی بھی ہم نے Recommendation کی تھی کہ ڈی آئی خان میں وہ لگ جائے، تو میری اپنے ایوان سے یہ گزارش ہے کہ پچھلی دفعہ بھی وفاق نے تقریباً 3 ارب روپیہ اس کے اندر رکھا تھا تو میں ریکویسٹ کرتا ہوں ایوان سے کہ جس طرح مولانا صاحب نے بھی بات کی ہمارے ڈسٹرکٹ کی، میرے ایک سینئر پارلیمینٹرین ہیں، جاوید اکبر خان نے بھی بات کی، تو لفٹ کینال ہمارے پورے ڈی آئی خان کے دل کی دھڑکن ہے جی، تو میرا اپنے ایوان سے اور اپنے دوستوں بھائیوں سے یہی استدعا ہے کہ اس تجویز کو مانا جائے اور کچھ نہ کچھ مجھے پتہ ہے کہ یہ Sixty billion rupees کا پراجیکٹ ہے لیکن یہ اس کے اندر ورلڈ بینک بھی بہت Interested ہوسکتا ہے، اس کے اندر ایشین ڈیویلپمنٹ بینک بھی بہت Interested ہو سکتا ہے اور صرف ہمارا یہ 2700 کیوسک پانی جو سندھ اور پنجاب لے رہا ہے، اگر ان سے ہی ہم اپنے Water rights کی بھی بات کریں، وہ جو 1991 سے ہمارا پانی استعمال کر رہے ہیں اور ہماری اس پانی کیساتھ جو رائلٹی بنتی ہے تو ان کیساتھ بھی ہم اشتراک سے اس منصوبے کو چلا سکتے ہیں اور اس کے علاوہ ستار صاحب نے بات کی ایگریکلچر ٹیکس کی، تو ہمارے اس صوبہ میں انڈسٹریز ختم ہو چکی ہیں، لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ ہے تو ایک واحد سیکٹر رہ گیا ہے ایگریکلچر جی، تو اگر ایگریکلچر میں پہلے ہی کسان اتنا پسا ہوا ہے کہ اگر اس پہ آپ دوبارہ کوئی اور ٹیکس لگائیں گے تو میرا خیال ہے کہ یہ نہایت نامناسب بات ہوگی اور اس کے اندر ہمارے صوبے کو بھی نقصان ہوگا کیونکہ اصلی جو آزادی ہے جناب والا، وہ معاشی آزادی ہے اور اگر ہم کسی کو روزگار اور معاشی آزادی فراہم کریں گے، خاصکر جو ہمارا ڈسٹرکٹ ہے کیونکہ تین صوبوں کے (سنگم) اوپر یہ واقع ہے اور گوادر سے بھی سب سے Short route اس کا آئے گا، اگر یہ خنجراب سے، میاں صاحب نے جو بات کی ہے کہ ہم وہ راستہ نکال رہے ہیں، تو میری بھی اپنے ایوان سے یہی استدعا ہے کہ لفٹ کینال کیلئے اس میں کچھ نہ کچھ لازمی ایڈیشن کی جائے۔ Thank you very much۔

(تالیاں)

Mr. Deputy Speaker: The Sitting is adjourned till 10:00 a.m. of tomorrow morning. Thank you very much.

(اسمبلی کا اجلاس بروز سوموار مورخہ 23 جون 2013ء صبح دس بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)